خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

رنگین تجویدی

آسان قاعدہ

زیرِ سرپرستی

اُستاذ القراء حضرت الشیخ قاری عبدالرحمن صاحب حفظہ اللہ

امیر ادارہ اشاعت التجوید پنجاب، پاکستان

شیخ التجوید والقراءات جامعہ مدنیہ انوار الفرقان ترنڈہ محمد پناہ، پنجاب

تالیف

رحمت اللہ عفی عنہ

فاضل جامعۃ الحسنین تلمبہ

مدیر: المیزان آن لائن قرآن اکیڈمی انٹرنیشنل

ناشر: المیزان آن لائن قرآن اکیڈمی انٹرنیشنل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبق نمبر ا مُفرَدات

مفردات: مفردات مفرد کی جمع ہے، عربی زبان میں مفرد اکیلے کو کہتے ہیں۔ اس سبق/تختی میں ایک ایک حرف علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے۔ اس لیے اس سبق کا نام مفردات رکھا گیا ہے۔

کل حروف تہجی: عربی زبان کے کل حروف تہجی انتیس 29 ہیں۔ اوران کے مخرج کی تقسیم کار کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

نمبرا: چھ مقام/جگہیں ایسی ہیں جہاں سے تین تین حروف ادا ہوتے ہیں۔

❶ ب،م،و/ب ❷ ت، د،ط/ت ❸ ث،ذ،ظ/ث/ذ/ظ ❹ ج،ش،ی/ی/ش/ج

❺ ر،ل،ن/ر/ل/ن ❻ ز،س،ص/ز/س/ص

نمبر۲: چار 4 مقام/جگہیں ایسی ہیں جہاں سے دو، دو حروف ادا ہوتے ہیں۔

❶ ء،ھا/ء/ھا ❷ ع،ح/ع/ح ❸ غ،خ/غ/خ ❹ ق،ك/ق/ك

نمبر۳: تین مقام/جگہیں ایسی ہیں جہاں سے ایک ایک حرف ادا ہوتا ہے۔ ❶ ض ❷ ف ❸ الف

احتیاط: ملتی جلتی آواز والے حروف میں فرق۔

- اگر ت کی آواز کو پر (موٹا) کیا جائے تو ط کی آواز بن جاتی ہے۔
- ذ کی آواز کو موٹا کیا جائے تو ظ کی آواز بن جاتی ہے۔
- ك کی آواز کو پُر (موٹا) کیا جائے تو ق کی آواز بن جاتی ہے۔
- ث کی آواز باریک اور نرمی سے ادا ہوتی ہے۔ اگر اس کی آواز کو تیز سیٹی کی طرح نکالا جائے تو "س" کی آواز بن جاتی ہے۔
- س کی آواز کو موٹا کیا جائے تو ص کی آواز بن جاتی ہے۔
- ز کی آواز کو تیز آواز سے ادا کیا جاتا ہے۔ اگر اس کی آواز کو نرم آواز سے ادا کیا جائے تو ذ کی آواز بن جائے گی۔

نوٹ: دوحرفی حروف کوایک الف کی مقدار (تقریباً ایک سے آدھا سکینڈ) کھینچ کر پڑھا جائے گا۔اور یہ بارہ 12 حروف ہیں۔ با، تا، ثا، حا، خا، را، زا، طا، ظا، فا، ھا، یا

تین حرفی حروف پر مد لازم ہوتا ہے ان حروف کو تین الف کی مقدار (تقریبا دو سے تین سکینڈ) کھینچ کر پڑھا جائے گا۔

اور یہ کل حروف پندرہ ہیں۔الف اور ھمزہ مستثنیٰ ہے۔

جیم، دال، ذال، سین، شین، صاد، ضاد، عین، غین، قاف، کاف، لام، میم، نون، واو

ان انتیس 29 حروف میں سے سات حروف ہمیشہ پُر (موٹے) پڑھے جاتے ہیں۔خ، غ، ص، ض، ط، ظ، ق

پُر (موٹی) آواز نکالنے کا طریقہ: زبان کی جڑ کو اوپر کے تالو کی طرف اٹھانے سے آواز پُر (موٹی) نکلتی ہے۔

تمام حروف کو ادا کرتے وقت چہرہ اور ہونٹوں کو اپنی فطری اور نارمل حالت میں رکھیں اور کسی قسم کی حرکت وجنبش نہ ہونے دیں۔سوائے ہونٹوں والے حرفوں کے جو کہ چار ہیں۔ ب، م، و، ف اور نون کا نام بھی

نوٹ: حروف تہجی پڑھتے ہوئے جب نون کا نام پڑھیں گے تو ہونٹ گول ہوں گے کیوں کہ نون کے نام میں واؤ آئی ہوئی ہے۔

حروف تہجی

اَلِف ا	بَا ب	تَا ت	ثَا ث	جِیْم ج	حَا ح	خَا خ	دَال د
ذَال ذ	رَا ر	زَا ز	سِیْن س	شِیْن ش	صَاد ص	ضَاد ض	طَا ط
ظَا ظ	عَیْن ع	غَیْن غ	فَا ف	قَاف ق	کَاف ك	لَام ل	مِیْم م
	نُوْن ن	وَاو و	هَا ه	هَمْزَه ء	یَا ي	یَا ے	

ان انتیس 29 حروف میں سے:

- سات 7 حروف ہمیشہ پُر یعنی موٹے پڑھے جاتے ہیں۔ص، ض، ط، ظ، خ، غ، ق ان حروف کو حروف مُسْتَعْلِیَہ کہتے ہیں۔
- چھ 6 حروف گلے یعنی حلق سے ادا ہوتے ہیں۔ء، ہ، ع، ح، غ، خ حلق سے نکلنے کی وجہ سے ان کو حروف حَلْقِیْ کہتے ہیں۔

- چار 4 حروف ہونٹوں سے ادا ہوتے ہیں۔ ب، م، و، ف، ہونٹوں سے نکلنے کی وجہ سے ان کو حروف شَفَوِیَّہ کہتے ہیں۔
- تین 3 حروف ز، س، ص کو ادا کرتے وقت آواز سیٹی کی طرح تیز نکلتی ہے اسلئے ان حروف کو حروف صَفِیْرِیَہْ کہتے ہیں یعنی سیٹی والے حروف
- پانچ 5 حروف ق، ط، ب، ج، د ان کو حروف قَلْقَلَہْ کہتے ہیں۔
- تین 3 حروف ث، ذ، ظ ان کی آواز کو نرمی سے ادا کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ہمزہ بشکل الف: بعض دفعہ الف کے اوپر ہمزہ لکھا ہوتا ہے ایسے ہی واؤ اور ی کے اوپر ہمزہ لکھا ہوتا ہے ایسی صورت میں صرف ہمزہ پڑھا جاتا ہے۔ ہاں ابدال کا مسئلہ الگ ہے۔

أ	ؤ	ئ
ہمزہ بشکل الف	ہمزہ بشکل واؤ	ہمزہ بشکل یا

سوالات حل کریں

مندرجہ ذیل سوالات استاد صاحب اپنے شاگردوں سے زبانی پوچھیں اور اچھی طرح یاد کروائیں۔

سوال: عربی زبان کے کتنے حروف تہجی ہیں؟

سوال: 29 انتیس حروف کی تقسیم کار کو بیان کریں؟

سوال: ت اور ط کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: ذ اور ظ کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: س اور ص کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: ز اور ذ کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: ث اور س کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: ک اور ق کی آواز میں کیا فرق ہے؟

سوال: حروف مستعلیہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال: حروف حلقی کتنے اور کون سے ہیں؟

سوال: حروف شفویہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال: حروف صفیریہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال: حروف قلقلہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال: دو حرفی حروف کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: تین حرفی حروف کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: اس سبق/تختی کا نام مفردات کیوں رکھا؟

تعلیمی رپورٹ (جائزہ/امتحان) برائے "مفردات"

نام _____ ولدیت _____

مدت تعلیم

"مفردات" شروع کرنے کی تاریخ _____ نام متعلقہ استاد _____

ختم کرنے کی تاریخ _____ دستخط متعلقہ استاد _____

نام ممتحن _____ کیفیت _____

دستخط ممتحن _____ دستخط سرپرست _____ دستخط مہتمم/پرنسپل _____

سبق نمبر۲: پڑی حرکات

حرکات کی تعداد: حرکات تین ہیں۔

حرکات: حرکت کی جمع ہے۔ زبر ـَ زیر ـِ پیش ـُ کو پڑی حرکات کہتے ہیں۔

زبر ـَ اور پیش ـُ حرف کے اوپر اور زیر ـِ حرف کے نیچے لکھی ہوتی ہے۔

متحرک: جس حرف پر ان تین حرکات میں سے کوئی حرکت ہو اس حرف کو متحرک کہتے ہیں۔ جیسے بَ بِ بُ

متحرک حرف بغیر کھینچے اور بغیر جھٹکے کے پڑھا جاتا ہے۔

حرکت کی مقدار: حرکت کو تقریباً آدھا سیکنڈ (ایک حرکت) کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھیں گے۔

ادائیگی کا طریقہ: زبر کی آواز کو بلند زیر کی آواز کو قدر پست نیچے گرا کر اور پیش ہونٹوں کو گول کر کے ادا کرتے ہیں۔

نوٹ: الف: الف پر جب بھی کوئی حرکت یا جزم وغیرہ ہو تو اسے ہمزہ پڑھنا ہے۔ الف صرف وہی ہے جو حرکت اور جزم کے بغیر ہو۔

ر: را کے اوپر زبر یا پیش ہو تو را کی آواز کو پُر (موٹا) اور را کے نیچے زیر ہو تو تو را کی آواز کو باریک پڑھیں گے۔

احتیاط:

۱۔ **حروف مُسْتَعْلِیَہْ** پُر (موٹے پڑھے) جانے والے حروف کی ادائیگی میں ہونٹ گول نہ ہونے دیں۔

۲۔ زبر کی آواز کو اتنا مت کھینچیں کہ الف مدہ کی آواز بن جائے جیسے ب زبر بَ کھینچنے کی وجہ سے ب الف زبر بَا بن جائے۔

اور نہ ہی اتنی جلدی کریں کہ آواز میں جھٹکا پیدا ہو جائے جیسے ب زبر بَ جلدی پڑھنے کی وجہ سے ب ہمزہ زبر بَأْ بن جائے۔

۳۔ زبر کی آواز کو آدھے سیکنڈ (یعنی ایک حرکت) کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھیں۔ اور آواز کو مجہول ہونے سے بچائیں۔

نوٹ: زبر کو فتحہ اور زبر والے حرف کو مفتوح کہتے ہیں۔

ـَ

اَ	بَ	تَ	ثَ	جَ	حَ	خَ	دَ	ذَ	رَ
زَ	سَ	شَ	صَ	ضَ	طَ	ظَ	عَ	غَ	فَ
قَ	كَ	لَ	مَ	نَ	وَ	هَ	ءَ	یَ	

مشق حروف مُرکّبات

مرکبات: مُرکّب کی جمع ہے اسکا معنی ہے ملا ہوا/ جڑا ہوا ہونا۔ دو یا دو سے زائد حروف آپس میں مل کر ایک مرکب بنتا ہے۔ • اب ہم دو دو تین تین اور چار چار حروف کو آپس میں جوڑنے کی مشق کریں گے۔

احتیاط: پُر (موٹی) آواز والے حروف کو پڑھتے ہوئے موٹے حرف سے پہلے اور بعد والے باریک حرف کی آواز کو پُر (موٹا) ہونے سے بچائیں۔ **نوٹ:** زبر کی آواز اور مقدار کو ذہن میں رکھ کر حروف مرکبات کی مشق کریں۔

ہجے کا طریقہ: پہلا حرف پڑھنے کے بعد دوسرا حرف پڑھ کر دونوں کو ملادیں اسی طرح تیسرا اور پھر چوتھا۔

جیسے كَتَبَ ك زبر كَ، ت زبر تَ، كَتَ، ب زبر بَ كَتَبَ

بَ+قَ بَقَ	بَ+رَ بَرَ	تَ+رَ تَرَ	اَ+حَ اَحَ	جَ+بَ جَبَ	جَ+عَ جَعَ	حَ+جَ حَجَ	خَ+لَ خَلَ
دَ+خَ دَخَ	سَ+فَ سَفَ	شَ+غَ شَغَ	صَ+دَ صَدَ	ضَ+لَ ضَلَ	طَ+مَ طَمَ	ظَ+لَ ظَلَ	عَ+فَ عَفَ

تین حروف

اَ+مَ+لَ اَمَلَ	جَ+مَ+عَ جَمَعَ	خَ+تَ+مَ خَتَمَ	حَ+سَ+دَ حَسَدَ	خَ+لَ+قَ خَلَقَ
كَ+تَ+مَ كَتَمَ	خَ+رَ+جَ خَرَجَ	سَ+جَ+دَ سَجَدَ	شَ+جَ+رَ شَجَرَ	شَ+رَ+حَ شَرَحَ
زَ+عَ+مَ زَعَمَ	فَ+سَ+قَ فَسَقَ	فَ+طَ+رَ فَطَرَ	بَ+عَ+ثَ بَعَثَ	كَ+سَ+بَ كَسَبَ
صَ+دَ+فَ صَدَفَ	مَ+كَ+ثَ مَكَثَ	نَ+بَ+ذَ نَبَذَ	قَ+مَ+رَ قَمَرَ	

چار حروف

فَ+وَ+هَ+بَ فَوَهَبَ	وَ+جَ+عَ+لَ وَجَعَلَ	فَ+صَ+رَ+فَ فَصَرَفَ	شَ+جَ+رَ+تَ شَجَرَتَ	فَ+بَ+عَ+ثَ فَبَعَثَ
وَ+غَ+فَ+رَ وَغَفَرَ	مَ+نَ+عَ+كَ مَنَعَكَ	وَ+لَ+عَ+نَ وَلَعَنَ	فَ+مَ+كَ+ثَ فَمَكَثَ	

پانچ حروف

وَ+يَ+ذَ+رَ+كَ وَ يَذَرَكَ	فَ+عَ+دَ+لَ+كَ فَعَدَلَكَ	وَ+ضَ+رَ+بَ+لَ وَضَرَبَلَ
وَ+جَ+عَ+لَ+لَ وَجَعَلَلَ	فَ+قَ+دَ+رَ+عَ فَقَدَرَعَ	وَ+رَ+فَ+عَ+بَ وَرَفَعَبَ

سوالات حل کریں

سوالات: مندرجہ ذیل سوالات استاد صاحب اپنے شاگردوں سے زبانی پوچھیں اور اچھی طرح یاد کروائیں۔

سوال: زبر کو کیا کہتے ہیں؟

سوال: حرکات کتنی ہیں؟

سوال: متحرک حرف کسے کہتے ہیں؟

سوال: حرکت کی مقدار کتنی ہے؟

سوال: مرکبات کسے کہتے ہیں؟

سوال: زبر حرف کے نیچے لکھی جاتی ہے یا اوپر؟

سوال: جس را پر زبر ہو اسے باریک پڑھیں گے یا پر (موٹا)؟

زیر ـِ

ہدایات: حرکات میں دوسری حرکت زیر کی ہے۔

ادائیگی کا طریقہ: زیر کی آواز کو زبر کے مقابلے میں پست آواز سے ادا کیا جاتا ہے۔

زیر کی مقدار: زیر کو تقریباً آدھا سیکنڈ (ایک حرکت) کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھنا ہے۔

را : کے نیچے زیر ہوتو را کی آواز کو باریک پڑھیں گے۔

الف: الف پر جب بھی کوئی حرکت یا جزم وغیرہ ہوتو اسے ہمزہ پڑھیں گے۔

زیر : زیر عموماً حرف کے نیچے لکھی جاتی ہے۔

نوٹ: زیر کی آواز کو اتنا مت کھینچیں کہ ی مدہ کی آواز بن جائے جیسے ب زیر بِ کھینچنے کی وجہ سے ب ی زیر بِیْ بن جائے۔

اور نہ ہی اتنا جلدی پڑھیں کہ جھٹکا پیدا ہوجائے جیسے ب زیر بِ جلدی پڑھنے کی وجہ سے ب ء زیر بِأْ بن جائے۔

احتیاط: زیر کو پڑھتے ہوئے آواز کو مجہول ہونے سے بچائیں جیسے ب زیر بِ کی بجائے ب زیر بِےْ۔

حروف مستعلیہ پُر (موٹے پڑھے) جانے والے حروف کی ادائیگی میں ہونٹوں کو گول نہ ہونے دیں۔

نوٹ: زیر کو کسرہ اور کسرہ والے حرف کو مکسور کہتے ہیں۔

زیر ـِـ

اِ	بِ	تِ	ثِ	جِ	حِ	خِ	دِ	ذِ	رِ
زِ	سِ	شِ	صِ	ضِ	طِ	ظِ	عِ	غِ	فِ
قِ	كِ	لِ	مِ	نِ	وِ	هِ	ءِ	يِ	

مشق حروف مرکبات

اب ہم دو دو تین تین اور چار چار حروف کو آپس میں جوڑنے کی مشق کریں گے۔

ہجے کا طریقہ: پہلا حرف پڑھنے کے بعد دوسرا حرف پڑھ کر دونوں کو ملا دیں اسی طرح تیسرا اور پھر چوتھا جیسے

اِبِلِ: ہمزہ زیر اِ، ب زیر بِ ۔ اِبِ، ل زیر لِ : اِبِلِ

نوٹ: زیر کی آواز اور مقدار کو ذہن میں رکھ کر حروف مرکبات کی مشق کریں۔

دو حروف

بِ+تِ بِتِ	ثِ+جِ ثِجِ	جِ+خِ جِخِ	خِ+دِ خِدِ	رِ+زِ رِزِ	سِ+فِ سِفِ	شِ+غِ شِغِ	صِ+فِ صِفِ
ضِ+مِ ضِمِ	طِ+نِ طِنِ	ظِ+لِ ظِلِ	نِ+عِ نِعِ	غِ+فِ غِفِ	قِ+تِ قِتِ	لِ+كِ لِكِ	مِ+نِ مِنِ
		فِ+رِ فِرِ	بِ+لِ بِلِ	عِ+دِ عِدِ	هِ+مِ هِمِ		

تین حروف: زبر+ زیر مکس۔

احتیاط: زبر اور زیر کی آواز کے فرق کو ذہن میں رکھ کر حرفوں کو جوڑنے کی کوشش کریں۔

اِ+بِ+لِ اِبِلِ	تَ+جِ+دَ تَجِدَ	خَ+لَ+تِ خَلَتِ	فَ+لَ+قِ فَلَقِ	تَ+زِ+دِ تَزِدِ
خَ+طِ+فَ خَطِفَ	شَ+رِ+بَ شَرِبَ	عَ+سَ+لِ عَسَلِ	يَ+لِ+جَ يَلِجَ	صَ+عِ+قَ صَعِقَ
سَ+مِ+عَ سَمِعَ	خَ+سِ+رَ خَسِرَ	عَ+لِ+مَ عَلِمَ	سَ+فِ+هَ سَفِهَ	نَ+سِ+يَ نَسِيَ
طَ+فِ+قَ طَفِقَ	كِ+بَ+رَ كِبَرَ	سَ+خِ+رَ سَخِرَ	غَ+ضِ+بَ غَضِبَ	عَ+مِ+لَ عَمِلَ

چار حروف

بِ+قَ+دَ+رِ بِقَدَرِ	وَ+نَ+هَ+رِ وَنَهَرِ	بَ+لَ+غَ+تِ بَلَغَتِ	وَ+نَ+سِ+يَ وَنَسِيَ

قِ+بَ+لَ+كَ قِبَلَکَ	لَ+حَ+بِ+طَ لَحَبِطَ	لِ+بَ+لَ+دِ لِبَلَدِ	وَ+اَ+ذِ+نَ وَاَذِنَ
وَ+شَ+هِ+دَ وَشَهِدَ	وَ+رَ+ضِ+یَ وَرَضِیَ	وَ+عَ+دَ+سِ وَعَدَسِ	وَ+بَ+صَ+لِ وَبَصَلِ

پانچ حروف

وَ+خَ+شَ+عَ+تِ وَخَشَعَتِ	اَ+فَ+حَ+سِ+بَ اَفَحَسِبَ	لَ+فَ+سَ+دَ+تِ لَفَسَدَتِ

سوالات حل کریں

سوال: زیر کی آواز کو کتنے سکینڈ لمبا کھینچ کر پڑھنا ہے؟

سوال: زیر حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے یا نیچے؟

سوال: را کے نیچے زیر ہو تو را کی آواز کو موٹا پڑھیں گے یا باریک؟

پیش ـُـ

ہدایات: حرکات میں تیسری حرکت پیش کی ہے۔

ادائیگی کا طریقہ: پیش ہونٹوں کو گول کر کے ادا کی جاتی ہے۔

پیش کی مقدار: پیش کو تقریباً آدھا سکینڈ (ایک حرکت) کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھنا ہے۔

ر: را کے اوپر پیش ہو تو را کی آواز کو پُر (موٹا) پڑھنا ہے۔

پیش: پیش ہمیشہ حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے۔

الف: الف پر جب بھی کوئی حرکت یا جزم وغیرہ ہو تو اسے ہمزہ پڑھیں گے۔

احتیاط: ❶ پیش کی آواز کو اتنا مت کھینچیں کہ وآو مدہ کی آواز بن جائے جیسے۔ب پیش بُ زیادہ کھینچنے کہ وجہ سے ب و پیش بُو بن جائے۔ اور نہ ہی اتنا جلدی پڑھیں کہ جھٹکا پیدا ہو جائے جیسے ب پیش بُ جلدی پڑھنے کی وجہ سے ب ء پیش بُأ بن جائے۔

❷ پیش پڑھتے ہوئے ہونٹ پوری طرح گول ہوں اور آواز معروف نکلے۔

نوٹ: پیش کو ضمہ اور پیش والے حرف کو مضموم کہتے ہیں۔

پیش ـُـ

اُ	بُ	تُ	ثُ	جُ	حُ	خُ	دُ	ذُ	رُ
زُ	سُ	شُ	صُ	ضُ	طُ	ظُ	عُ	غُ	فُ
قُ	كُ	لُ	مُ	نُ	وُ	هُ	ءُ	یُ	

مشق حروف مرکبات

ہجے کا طریقہ: پہلا حرف پڑھنے کے بعد دوسرا حرف پڑھ کر دونوں کو ملا دیں اسی طرح تیسرا اور چوتھا ملاتے جائیں۔

جیسے رُسُلُ۔ را پیش رُ س پیش سُ: رُسُ، ل پیش لُ: رُسُلُ

نوٹ: پیش کی آواز اور مقدار کو ذہن میں رکھ کر مرکبات کی مشق کریں۔

دو حروف

ثُ+لُ ثُلُ	رُ+سُ رُسُ	صُ+حُ صُحُ	جُ+رُ جُرُ	فُ+خُ فُخُ	نُ+فُ نُفُ
صُ+دُ صُدُ	كُ+مُ كُمُ	بُ+هُ بُهُ	قُ+لُ قُلُ	فُ+سُ فُسُ	هُ+مُ هُمُ

تین حروف

ثُ+لُ+تُ ثُلُثُ	رُ+بُ+عُ رُبُعُ	ثُ+مُ+نُ ثُمُنُ	سُ+دُ+سُ سُدُسُ	رُ+سُ+لُ رُسُلُ

مشترکہ مشق زبر ـَـ زیر ـِـ پیش ـُـ

نوٹ: مشترکہ مشق میں تینوں حرکات (زبر، زیر، پیش) کی آواز اور مقدار کو ذہن میں رکھ کر مشق کریں۔

كُ+تِ+بَ كُتِبَ	كُ+شِ+طَ كُشِطَ	ذُ+بِ+حَ ذُبِحَ	عُ+فِ+یَ عُفِیَ	غُ+لِ+بَ غُلِبَ
مُ+نِ+عَ مُنِعَ	سُ+قِ+طَ سُقِطَ	قُ+طِ+عَ قُطِعَ	نُ+فِ+خَ نُفِخَ	رُ+فِ+عَ رُفِعَ
وَ+هُ+وَ وَهُوَ	عَ+ضُ+دَ عَضُدَ	خَ+بُ+ثَ خَبُثَ	حَ+سُ+نَ حَسُنَ	كَ+بُ+رَ كَبُرَ
یَ+لِ+جُ یَلِجُ	یَ+عِ+دُ یَعِدُ	تَ+زِ+رُ تَزِرُ	یَ+صِ+لُ یَصِلُ	صُ+حُ+فِ صُحُفِ
بَ+صَ+رِ بَصَرِ	مَ+ثَ+لُ مَثَلُ	صَ+مَ+دُ صَمَدُ	سُ+بُ+لَ سُبُلَ	خَ+بُ+ثَ خَبُثَ

چار حروف

فَ+مَ+ثَ+لُ فَمَثَلُ	فَ+رَ+جُ+لُ فَرَجُلُ	وَ+نُ+ذُ+رِ وَنُذُرِ	مَ+عَ+هُ+مُ مَعَهُمُ
وَ+نُ+فِ+خَ وَنُفِخَ	وَ+كُ+تُ+بِ وَكُتُبِ	سَ+تَ+جِ+دُ سَتَجِدُ	كَ+لِ+مَ+ةُ كَلِمَةُ

پانچ حروف

رَ+زَ+قَ+هُ+مُ رَزَقَهُمُ	نَ+صَ+رَ+كُ+مُ نَصَرَكُمُ	فَ+بَ+صَ+رُ+كَ فَبَصَرُكَ	وَ+هُ+وَ+مَ+عَ وَهُوَمَعَ

سوالات حل کریں

سوال: پیش کی آواز کو کتنے سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھنا ہے؟

سوال: جس را پر پیش ہو اسے باریک پڑھیں گے یا پُر (موٹا)

سوال: پیش پڑھتے ہوئے ہونٹ گول ہوں گے یا نہیں؟

سوال: حرکات کتنی ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟

سوال: مرکبات کی تعریف سنائیں۔

سوال: متحرک کی تعریف سنائیں۔

تعلیمی رپورٹ (جائزہ/امتحان) برائے "حرکات"

نام _____ ولدیت _____

مدت تعلیم

"حرکات" شروع کرنے کی تاریخ _____ نام متعلقہ استاد _____

ختم کرنے کی تاریخ _____ دستخط متعلقہ استاد _____

نام ممتحن _____ کیفیت _____

دستخط ممتحن _____ دستخط سرپرست _____ دستخط مہتمم/پرنسپل _____

لیول نمبر۳ سبق نمبر۳ حروف مَدَّہ

ہدایات:

حروف مدہ کی تعداد: حروف مدہ 3 تین ہیں۔ الف مدہ واؤ مدہ ی مدہ

مد: مد عربی زبان میں کھینچنے/لمبا کرنے کو کہتے ہیں۔

حروف مدہ کی وجہ تسمیہ: ان تین حروف کی آواز کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے اس لیے ان کا نام حروف مدہ رکھا ہوا ہے۔

سکون کی علامت: (ـْ) اس علامت کو جزم/سکون کہتے ہیں۔ جس حرف پر جزم/سکون ہو اسے ساکن کہتے ہیں۔ جیسے ب واؤ پیش: بُوْ اس مثال میں واؤ پر سکون کی علامت ہے اس لیے اس کو و ساکن کہیں گے۔

حروف مدہ کی تعریف:

۱۔ **الف مدہ:** الف سے پہلے والے حرف پر زبر ہو تو الف مدہ ہوگا۔ یا یوں کہہ لیں کہ زبر والے حرف کے ساتھ الف ملا ہوا ہو تو الف مدہ ہوگا۔ جیسے ب الف زبر بَا

۲۔ **واؤ مدہ:** واؤ ساکن سے پہلے والے صرف پر پیش ہو تو واؤ مدہ ہوگا۔ یا یوں کہہ لیں کہ پیش والے حرف کے ساتھ واؤ ساکن ملا ہوا ہو تو وہ واؤ مدہ ہوگا۔ جیسے ب واؤ پیش بُوْ

۳۔ **ی مدہ:** ی ساکن سے پہلے والے حرف کے نیچے زیر ہو تو ی مدہ ہوگا۔ یا یوں کہہ لیں کہ زیر والے حرف کیساتھ ی ساکن ملا ہوا ہو تو ی مدہ ہوگا جیسے ب ی زیر بِیْ

حروف مدہ کی مقدار: حروف مدہ کی آواز کو 2 دو حرکات کے برابر (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں۔

ـٓ ـۤ ـۧ : ان علامتوں کو مد کہتے ہیں۔ جس حروف مدہ پر یہ علامت ہو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حروف مدہ کو 2 سے 3 سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھنا ہے۔

نوٹ: ❶ اگر حروف مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو حروف مدہ کی آواز کو 2 سے 3 سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے یعنی مد کریں گے۔

❷ اسی طرح حروف مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو حروف مدہ کی آواز کو 2 سے 3 سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

جو الف حروف مستعلیہ کے بعد آئے اسے پُر (موٹا) پڑھیں گے۔ جیسے صا۔ ضا

الف مدہ

بَ+ا بَا	تَ+ا تَا	ثَ+ا ثَا	جَ+ا جَا	حَ+ا حَا	خَ+ا خَا	دَ+ا دَا	ذَ+ا ذَا
رَ+ا رَا	زَ+ا زَا	سَ+ا سَا	شَ+ا شَا	صَ+ا صَا	ضَ+ا ضَا	طَ+ا طَا	ظَ+ا ظَا
عَ+ا عَا	غَ+ا غَا	فَ+ا فَا	قَ+ا قَا	كَ+ا كَا	لَ+ا لَا	مَ+ا مَا	نَ+ا نَا
		وَ+ا وَا	هَ+ا هَا	ءَ+ا ءَا	ىَ+ا يَا		

مشق الف مدہ

بَا+تَا بَاتَا	بَا+سَا بَاسَا	عَا+شَا عَاشَا	رَا+رَا رَارَا	هَا+جَا هَاجَا	جَا+جَا جَاجَا	طَا+بَا طَابَا
فَا+فَا فَافَا	قَا+تَا قَاتَا	وَا+جَا وَاجَا	وَا+بَا وَابَا	رَا+بَا رَابَا	صَا+دَا صَادَا	هَا+قَا هَاقَا

مشق الف مدہ+حرکات (دوحرف)

نوٹ: ظاہری وحقیقی اعتبار سے یہ دوحرفی نہیں بلکہ تین حرفی (تَابَ=تَ ا بَ) ہیں لیکن ادائیگی وصوتی اعتبار سے یہ دوحرفی بن جاتے ہیں تَا اور بَ ۔بچوں کی تعلیمی ووقتی ضرورت کی بنا پر ایسا کیا گیا اہل فن اسکو علمی نظر سے نہ دیکھیں۔ آگے تمام حروفِ مدہ کو اسی انداز سے لکھا گیا ہے۔

تَا+بَ تَابَ	بَا+تَ بَاتَ	ثَا+قَ ثَاقَ	نَا+لَ نَالَ	حَا+لِ حَالِ	عَا+مَ عَامَ

تین حروف

خَا+لِ+قُ خَالِقُ	صَا+دِ+قَ صَادِقَ	فَا+عِ+لُ فَاعِلُ	تُ+مَا+رِ تُمَارِ	جُ+نَا+حَ جُنَاحَ
اَ+صَا+بَ اَصَابَ	اَ+فَا+ضَ اَفَاضَ	شِ+قَا+قَ شِقَاقَ	كِ+رَا+مَا كِرَامَا	عِ+ظَا+مَا عِظَامَا
وِ+فَا+قَا وِفَاقَا	مِ+هَا+دُ مِهَادُ	قِ+تَا+لُ قِتَالُ	سُ+بَا+تَا سُبَاتَا	حُ+طَا+مَا حُطَامَا

چار حروف

بِ+خَا+رِ+جِ بِخَارِجِ	طَ+عَا+مِ+كَ طَعَامِكَ	شَ+رَا+بِ+كَ شَرَابِكَ	مَ+ضَا+جِ+عِ مَضَاجِعِ
حِ+مَا+رِ+كَ حِمَارِكَ	بِ+بَا+بِ+لَ بِبَابِلَ	دِ+يَا+رِ+نَا دِيَارِنَا	وَ+مَا+لَ+نَا وَمَالَنَا
وَ+مَا+كَا+نَ وَمَاكَانَ	نُ+قَا+تِ+لَ نُقَاتِلَ	رَا+فِ+عُ+كَ رَافِعُكَ	عِ+بَا+دِ+نَا عِبَادِنَا

پانچ حروف

اَ+حَ+دِ+هِ+مَا اَحَدِهِمَا	نُ+دَا+وِ+لُ+هَا نُدَاوِلُهَا	فَ+اُ+وَا+رِ+ىَ فَاُوَارِىَ
مَا+تَ+شَا+بَ+هَ مَاتَشَابَهَ	طَا+قَ+ةَ+لَ+نَا طَاقَةَ لَنَا	فَ+لَا+كَا+شِ+فَ فَلَا كَاشِفَ

كَا+نَ+كَ+بُ+رَ كَانَ كَبُرَ	فَ+اَ+مَا+تَ+هُ فَاَمَاتَهُ	يَ+تَ+رَا+جَ+عَا يَتَرَاجَعَا

پانچ حروف سے زائد

مَا+كَا+نَ+لِ+بَ+شَ+رِ مَا كَانَ لِبَشَرِ	بِ+مَا+كَ+سَ+بَا+نَ+كَا+لَا بِمَا كَسَبَا نَكَالًا
فَ+اَ+ثَا+بَ+هُ+مُ فَاَثَابَهُمُ	وَ+رِ+مَا+حُ+كُ+مُ وَرِمَاحُكُمُ
وَ+هُ+وَ+يَ+رِ+ثُ+هَا وَهُوَيَرِثُهَا	وَا+لِ+دَ+تِ+كَ وَالِدَتِكَ

الف مدہ کے بعد ہمزہ کی مثالیں:

نوٹ: ❶ جب بھی الف مدہ کے بعد ہمزہ آجائے تو الف مدہ کی آواز کو 2 سے 3 سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

❷ ہجے کرتے ہوئے مد کا نام لے کر بھی جوڑ کر سکتے ہیں اور بغیر نام لیے بھی دونوں طریقے درست ہیں۔

حُ+نَ+فَا+ءَ حُنَفَآءَ	مَا+شَا+ءَ مَاشَآءَ	شُ+هَ+دَا+ءَ شُهَدَآءَ	لِ+مَا+اَ+صَا+بَ لِمَآاَصَابَ
مَا+ذَا+اَ+رَا+دَ مَاذَآاَرَادَ	وَ+رَ+دَ+مَا+ءَ وَرَدَمَآءَ	وَ+رَا+ءَ وَرَآءَ	سَ+مَا+ءِ سَمَآءِ

وقف کی مشق

وقف: وقف عربی زبان میں رکھنے/ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔ اور قرآن پاک میں وقف کلمے کے آخری حرف کو ساکن کر کے ٹھہرنے کا نام ہے۔ اور اگر حرف پہلے ہی سے ساکن ہو تو اسے دوبارہ ساکن کرنے کی ضرورت نہیں۔

كَا+نَ+كَ+بُ+رَ كَانَ كَبُرَ	فَ+اَ+مَا+تَ+هُ فَاَمَاتَهُ	يَ+تَ+رَا+جَ+عَا يَتَرَاجَعَا

پانچ حروف سے زائد

مَا+كَا+نَ+لِ+بَ+شَ+رِ مَا كَانَ لِبَشَرِ	بِ+مَا+كَ+سَ+بَا+نَ+كَا+لَا بِمَا كَسَبَا نَكَالًا
فَ+اَ+ثَا+بَ+هُ+مُ فَاَثَابَهُمُ	وَ+رِ+مَا+حُ+كُ+مُ وَرِمَاحُكُمُ
وَ+هُ+وَ+يَ+رِ+ثُ+هَا وَهُوَيَرِثُهَا	وَا+لِ+دَ+تِ+كَ وَالِدَتِكَ

الف مدہ کے بعد ہمزہ کی مثالیں:

نوٹ: ❶ جب بھی الف مدہ کے بعد ہمزہ آجائے تو الف مدہ کی آواز کو 2 سے 3 سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

❷ ہجے کرتے ہوئے مد کا نام لے کر بھی جوڑ کر سکتے ہیں اور بغیر نام لیے بھی دونوں طریقے درست ہیں۔

حُ+نَ+فَا+ءَ حُنَفَآءَ	مَا+شَا+ءَ مَاشَآءَ	شُ+هَ+دَا+ءَ شُهَدَآءَ	لِ+مَا+اَ+صَا+بَ لِمَآاَصَابَ
مَا+ذَا+اَ+رَا+دَ مَاذَآاَرَادَ	وَ+رَ+دَ+مَا+ءَ وَرَدَمَآءَ	وَ+رَا+ءَ وَرَآءَ	سَ+مَا+ءِ سَمَآءِ

وقف کی مشق

وقف: وقف عربی زبان میں رکھنے/ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔ اور قرآن پاک میں وقف کلمے کے آخری حرف کو ساکن کر کے ٹھہرنے کا نام ہے۔ اور اگر حرف پہلے ہی سے ساکن ہو تو اسے دوبارہ ساکن کرنے کی ضرورت نہیں۔

نوٹ: ❶ الف مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو الف مدہ کی آواز کو 2 سے 3 سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر (یعنی مد کر کے) ساکن حرف پر رکیں۔

قَالَ وقف قَآلْ	نَبَاتَ وقف نَبَآتْ	نَاسُ وقف نَآسْ
وَفَارَ وقف وَفَآرْ	جُنَاحَ وقف جُنَآحْ	فَكَانَ وقف فَكَآنْ

نوٹ: ❷ جب بھی کسی کلمے کا آخری حرف الف مدہ ہو اور اس پر وقف کریں تو الف مدہ کی آواز کو ایک سیکنڈ ہی لمبا کریں گے جیسا کہ عام حالت میں الف مدہ کو پڑھتے ہیں۔

غَدَقَا وقف غَدَقَا	جَعَلَا وقف جَعَلَا	جُفَا وقف جُفَا
طِبَاقَا وقف طِبَاقَا	فِرَاشَا وقف فِرَاشَا	عِظَامَا وقف عِظَامَا

سوالات

سوال: سہ اس سہ علامت کو کیا کہتے ہیں؟

سوال: الف مدہ سے پہلے حرف پر کونسی حرکت ہوتی ہے؟

سوال: الف مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو الف مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: مد کا کیا معنی ہے؟

سوال: ـْ اس ـْ علامت کو کیا کہتے ہیں؟

سوال: وقف کی تعریف کریں؟

سوال: جب الف مدہ پر وقف کریں گے تو اس الف مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

واؤ مدہ

ہدایات:

حروف مدہ میں سے الف مدہ کو ہم نے پڑھ لیا ہے اب ہم حروف مدہ کا دوسرا حرف واؤ مدہ کو پڑھیں گے۔

سکون کی علامت ـْ: اس علامت کو جزم و سکون کہتے ہیں۔ جس حرف پر جزم/سکون ہو اسے مجزوم/ساکن کہتے ہیں۔ جیسے ب واؤ پیش بُو اس مثال میں سکون کی علامت واؤ پر ہے اس لیے واؤ کو واؤ ساکن کہیں گے۔

واؤ مدہ کی تعریف:

واؤ ساکن سے پہلے کسی بھی حرف پر پیش ہو تو وہ واؤ، واؤ مدہ ہوگا۔ جیسے بُوْ یا یوں کہ لیں کہ پیش والے حرف کیساتھ واؤ ساکن ملا ہوا ہو تو وآو مدہ ہوگا جیسے بُوْ

واؤ مدہ کی مقدار: واؤ مدہ کی آواز کو 2 دو حرکات کے برابر (تقریبا ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں۔
سے اس علامت کو مد کہتے ہیں جس واؤ مدہ پر یہ علامت ہو اس واؤ مدہ کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

نوٹ: ۱ اگر واؤ مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو واؤ مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔ یعنی مد کریں گے۔

۲ اسی طرف واؤ مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو واؤ مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ پڑھیں گے۔

۳ واؤ مدہ کے بعد بعض جگہ پر الف لکھا ہوتا ہے ہجے کرتے وقت اس کا نام عام طور پر نہیں لیا جاتا۔ اگر نام لے کر ہجا کیا جائے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

۴ اکثر کسی کلمے کا آخری حرف جب واؤ مدہ ہوگا تو اس کے ساتھ الف لکھا ہوا ہوگا جسے قُوْمُوْا اور جب واؤ مدہ درمیان کلمے میں ہوگا تو الف نہیں لکھا ہوگا۔ جیسے دُوْنَ، يُوْفُوْنَ

واؤ مدہ

اُوْا اُ+وْا	بُوْا بُ+وْا	تُوْا تُ+وْا	ثُوْا ثُ+وْا	جُوْا جُ+وْا	حُوْا حُ+وْا	خُوْا خُ+وْا	دُوْا دُ+وْا	ذُوْا ذُ+وْا	رُوْا رُ+وْا
زُوْا زُ+وْا	سُوْا سُ+وْا	شُوْا شُ+وْا	صُوْا صُ+وْا	ضُوْا ضُ+وْا	طُوْا طُ+وْا	ظُوْا ظُ+وْا	عُوْا عُ+وْا	غُوْا غُ+وْا	فُوْا فُ+وْا
قُوْا قُ+وْا	كُوْا كُ+وْا	لُوْا لُ+وْا	مُوْا مُ+وْا	نُوْا نُ+وْا	وُوْا وُ+وْا	هُوْا هُ+وْا	ءُوْا ءُ+وْا	يُوْا يُ+وْا	

مشق واؤ مدہ + حرکات + الف مدہ

دو حرف:

نوٹ: ان مثالوں میں جو واؤ مدہ کلمے کے آخر میں آرہا ہے اس واؤ مدہ کے بعد الف بھی لکھا ہوا ہے۔

تُوْ+بُوْا تُوْبُوْا	قُوْ+مُوْا قُوْمُوْا	كُوْ+نُوْا كُوْنُوْا	ذُوْ+قُوْا ذُوْقُوْا	يُوْ+فُوْا يُوْفُوْا
اُوْ+ذُوْا اُوْذُوْا	خُ+ذُوْا خُذُوْا	زَا+غُوْا زَاغُوْا	قَا+لُوْا قَالُوْا	كُ+لُوْا كُلُوْا

نوٹ: ان مثالوں میں واؤ مدہ کلمے کے درمیان میں آرہا ہے اس لیے واؤ مدہ کے بعد الف نہیں لکھا ہوا۔

نُوْ+رُ نُوْرُ	نُوْ+حُ نُوْحُ	يُوْ+حَ يُوْحَ	رُوْ+مُ رُوْمُ	دُوْ+نِ دُوْنِ
اُوْ+تَ اُوْتَ	جُوْ+عِ جُوْعِ	لُوْ+طِ لُوْطِ	طُوْ+رَ طُوْرَ	سُوْ+ءِ سُوْءِ

تین حروف:

ہجے کا طریقہ تَبُوْرَ: ت زبر تَ ب بُ واؤ پیش بُوْ: تَبُوْ ر زبر رَ: تَبُوْرَ

تَ+بُوْ+رَ تَبُوْرَ	نَ+سُوْ+قُ نَسُوْقُ	وَ+قُوْ+دُ وَقُوْدُ	يَ+قُوْ+مُ يَقُوْمُ	تَ+فُوْ+رُ تَفُوْرُ
جَ+مَ+عُوْا جَمَعُوْا	بَ+لَ+غُوْا بَلَغُوْا	نَ+صَ+حُوْا نَصَحُوْا	قُ+تِ+لُوْا قُتِلُوْا	عَ+مِ+لُوْا عَمِلُوْا
نُ+شُوْ+رَا نُشُوْرَا	غَ+فُوْ+رَا غَفُوْرَا	هَا+جَ+رُوْا هَاجَرُوْا	جَا+هِ+دُوْا جَاهِدُوْا	فَ+زَا+دُوْا فَزَادُوْا
هَا+رُوْ+تَ هَارُوْتَ	مَا+رُوْ+تَ مَارُوْتَ	طَا+غُوْ+نَ طَاغُوْنَ	طَا+لُوْ+تُ طَالُوْتُ	جَا+لُوْ+تَ جَالُوْتَ

چار حروف

اَ+طَا+عُوْ+نَا	یَ+زَا+لُوْ+نَ	یَ+خَا+فُوْ+نَ	خَا+لِ+دُوْ+نَ	سَ+یَ+قُوْ+لُ
اَطَاعُوْنَا	یَزَالُوْنَ	یَخَافُوْنَ	خَالِدُوْنَ	سَیَقُوْلُ
یَ+رِ+ثُوْ+نَ	یَ+ذَ+رُوْ+نَ	تَ+مُوْ+تُوْ+نَ	یَ قُوْ+لُوْ+نَ	یَ+کُوْ+نُوْ+نَ
یَرِثُوْنَ	یَذَرُوْنَ	تَمُوْتُوْنَ	یَقُوْلُوْنَ	یَکُوْنُوْنَ
عُ+رُوْ+شِ+هَا	ذُ+نُوْ+بَ+نَا	بِ+ذُ+نُوْ+بِ	بِ+قَ+بُوْ+لِ	فَ+خُ+ذُوْ+هُ
عُرُوْشِهَا	ذُنُوْبَنَا	بِذُنُوْبِ	بِقَبُوْلِ	فَخُذُوْهُ

پانچ حروف

یُ+قَا+تِ+لُوْ+نَ	یُ+سَا+رِ+عُوْ+نَ	کَا+نَ+اَ+بُوْ+کِ
یُقَاتِلُوْنَ	یُسَارِعُوْنَ	کَانَ اَبُوْکِ
لَا+یَ+کَا+دُوْ+نَ	تُوْ+صُوْ+نَ+بِ+هَا	لَا+یَ+تُوْ+بُوْ+نَ
لَایَکَادُوْنَ	تُوْصُوْنَ بِهَا	لَایَتُوْبُوْنَ

پانچ حروف سے زائد

وَاِذَا+سَمِعُوْا+مَا	اِذَا+فَرِحُوْا+بِمَآ+اُوْتُوْا
وَاِذَا سَمِعُوْا مَا	اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْا
وَمَا+قَتَلُوْهُ+وَمَا+صَلَبُوْهُ	وَصَابِرُوْا+وَرَابِطُوْا
وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ	وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا
وَلَا+تَقُوْلُوْا+لِمَا+تَصِفُ	فَنَبَذُوْهُ+وَرَآءَ+ظُهُوْرِ
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ	فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِ

واؤ مدہ کے بعد ہمزہ کی مثالیں

نوٹ: جب بھی واؤ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو واؤ مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔ (یعنی مد کر کے پڑھیں گے) اور احتیاطاً مد کا نشان بھی ڈال دیتے ہیں۔

زَاغُوْا اَزَاغَ زَاغُوْآ اَزَاغَ	فَقَالُوْا اَرِنَا فَقَالُوْآ اَرِنَا	لَبِثُوْا اَمَدًا لَبِثُوْآ اَمَدًا
كَفَرُوْا اٰءِذَا كَفَرُوْآ اٰءِذَا	كَانُوْا اِذَا كَانُوْآ اِذَا	طَعِمُوْا اِذَا طَعِمُوْآ اِذَا

وقف کی مشق

نوٹ: جب بھی واؤ مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے حرف کو ساکن کریں تو واؤ مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر (مد کر کے) ساکن حرف پر رکیں۔

سَاهُوْنَ وقف سَاهُوْنْ	خَالِدُوْنَ وقف خَالِدُوْنْ	يُوْفُوْنَ وقف يُوْفُوْنْ
دَاخِرُوْنَ وقف دَاخِرُوْنْ	فَنَبَذُوْهُ وقف فَنَبَذُوْهْ	تُوْصُوْنَ وقف تُوْصُوْنْ

نوٹ: جب بھی واؤ پر وقف کریں تو واؤ مدہ کی آواز کو ایک سیکنڈ ہی لمبا کریں جیسا کہ عام حالت میں پڑھتے ہیں۔

عَرَفُوْا وقف عَرَفُوْا	هَاجَرُوْا وقف هَاجَرُوْا	جَاهَدُوْا وقف جَاهَدُوْا
ضَعُفُوْا وقف ضَعُفُوْا	فَعَلُوْا وقف فَعَلُوْا	فَرِحُوْا وقف فَرِحُوْا

سوالات

سوال: واؤ مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھنا ہے؟

سوال: واؤ مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو واؤ مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: واؤ مدہ سے پہلے حرف پر کونسی حرکت ہوتی ہے؟

سوال: جب واؤ مدہ کے بعد کسی حرف پر وقف کریں تو واؤ مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

ی مدہ

ہدایات: حروف مدہ میں سے الف مدہ اور واؤ مدہ کو ہم نے تفصیل کے ساتھ پڑھ لیا ہے
اب ہم حروف مدہ کے تیسرے حرف ی مدہ کو پڑھیں گے۔

ی مدہ کی تعریف: زیر والے حرف کیساتھ ی ساکن ہوتو وہ ی ی مدہ ہوگی۔

ی مدہ کی مقدار: ی مدہ کی آواز کو 2 حرکات کے برابر (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

نوٹ: ❶ اگر ی مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو ی مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔
یعنی مد کریں گے۔

❷ ی مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے حرف کو ساکن کریں تو ی مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں۔

❸ جب بھی ی مدہ، پر وقف کریں تو ی مدہ کی آواز کو ایک سیکنڈ ہی لمبا کریں۔

اِ+یْ اِیْ	بِ+یْ بِیْ	تِ+یْ تِیْ	ثِ+یْ ثِیْ	جِ+یْ جِیْ	حِ+یْ حِیْ	خِ+یْ خِیْ	دِ+یْ دِیْ
ذِ+یْ ذِیْ	رِ+یْ رِیْ	زِ+یْ زِیْ	سِ+یْ سِیْ	شِ+یْ شِیْ	صِ+یْ صِیْ	ضِ+یْ ضِیْ	طِ+یْ طِیْ
ظِ+یْ ظِیْ	عِ+یْ عِیْ	غِ+یْ غِیْ	فِ+یْ فِیْ	قِ+یْ قِیْ	كِ+یْ كِیْ	لِ+یْ لِیْ	مِ+یْ مِیْ
	نِ+یْ نِیْ	وِ+یْ وِیْ	هِ+یْ هِیْ	ءِ+یْ ءِیْ	يِ+یْ يِیْ		

مشق ی مدہ، حرکات، الف مدہ، واؤ مدہ

دو حروف: ہجے کا طریقہ: فِیْلِ: ف ی زیر فِیْ ل زیر لِ فِیْلِ

فِیْ+لِ فِیْلِ	ظِیْ+مُ ظِیْمُ	دِیْ+نَ دِیْنَ	رِیْ+لَ رِیْلَ	عِیْ+ذُ عِیْذُ	حِیْ+طَ حِیْطَ	زِیْ+زُ زِیْزُ	دِیْ+رُ دِیْرُ

كِيْ+نَ	صِيْ+رُ	فِيْ+كَ	فِيْ+هَا	بِيْ+لِيْ	صِيْ+بَا	قِيْ+لَا	لَ+فِيْ
كِيْنَ	صِيْرُ	فِيْكَ	فِيْهَا	بِيْلِيْ	صِيْبَا	قِيْلَا	لَفِيْ

تین حروف

حَ+كِيْ+مُ	قَ+دِيْ+رُ	مُ+حِيْ+طُ	عَ+ظِيْ+مُ	رَ+ضِيْ+تُ
حَكِيْمُ	قَدِيْرُ	مُحِيْطُ	عَظِيْمُ	رَضِيْتُ
بَ+صِيْ+رًا	سَ+مِيْ+عًا	رَ+حِيْ+مًا	عَ+ظِيْ+مًا	طَ+رِيْ+قًا
بَصِيْرًا	سَمِيْعًا	رَحِيْمًا	عَظِيْمًا	طَرِيْقًا
اَ+طِيْ+عُوْا	يَ+سِيْ+رُوْا	يُ+حِيْ+طُوْا	اُوْ+تِيْ+نَا	نُوْ+حِيْ+هَا
اَطِيْعُوْا	يَسِيْرُوْا	يُحِيْطُوْا	اُوْتِيْنَا	نُوْحِيْهَا

چار حروف

اَ+طِيْ+عُوْ+نَ	يُ+حِيْ+طُوْ+نَ	وَ+يُ+ذِيْ+قُ	تُ+دِيْ+رُوْ+نَ
اَطِيْعُوْنَ	يُحِيْطُوْنَ	وَيُذِيْقُ	تُدِيْرُوْنَ
قَ+رَا+طِيْ+سَ	تَ+مَا+ثِيْ+لَ	مَ+صَا+بِيْ+حَ	مَ+حَا+رِيْ+بَ
قَرَاطِيْسَ	تَمَاثِيْلَ	مَصَابِيْحَ	مَحَارِيْبَ

پانچ حروف

مِيْ+ثَا+قَ+بَ+نِيْ	فِيْ+مَا+طَ+عِ+مُوْا	اَ+رُوْ+نِيْ+مَا+ذَا
مِيْثَاقَ بَنِيْ	فِيْمَا طَعِمُوْا	اَرُوْنِيْ مَاذَا
فِيْ+هَا+نَ+ذِيْ+رُ	بِ+وَا+لِ+دَ+تِيْ	مَا+فِيْ+بُ+طُوْ+نِ
فِيْهَا نَذِيْرُ	بِوَالِدَتِيْ	مَا فِيْ بُطُوْنِ

پانچ حروف سے زائد

خَالِدِيْنَ+فِيْهَا خَالِدِيْنَ فِيْهَا	وَدَرَسُوْا+مَا فِيْهِ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ	وَقَالُوْا+مَا فِيْ+بُطُوْنِ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ
لَوَجَدُوْا+فِيْهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ	تَكُوْنُ+لَنَا+عِيْدًا تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا	لَاتُقَاتِلُوْنَ+فِيْ سَبِيْلِ لَاتُقَاتِلُوْنَ+فِيْ سَبِيْلِ
يُقِيْمَا+حُدُوْدَ يُقِيْمَا حُدُوْدَ	أُعِيْذُهَا+بِكَ أُعِيْذُهَا بِكَ	أُوْذُوْا+فِيْ+سَبِيْلِيْ أُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ

ی مدہ کے بعد ہمزہ کی مثالیں

نوٹ: ❶ جب بھی ی مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو ی مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں گے (یعنی مد کر کے پڑھیں گے۔

❷ ہجے کرتے وقت مد کا نام لے کر بھی جوڑ کر سکتے ہیں اور بغیر نام لیے بھی دونوں طریقے درست ہیں۔

فِيْ+أُ+مَ+مِ فِيْٓ أُمَمٍ	يُ+ضِيْ+ءُ يُضِيْٓءُ	خَ+طِيْ+ءَ+تُ خَطِيْٓئَتُ	عَ+ذَا+بِيْ+أُ+صِيْ+بُ عَذَابِيْٓ أُصِيْبُ
سِيْٓ+ءَ سِيْٓءَ	بَ+رِيْ+ءُ بَرِيْٓءٌ	هَ+نِيْ+ءًا هَنِيْٓئًا	مَ+رِيْ+ءًا مَرِيْٓئًا

وقف کی مشق

نوٹ: ی مدہ کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے حرف کو ساکن کریں تو ی مدہ کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھیں۔ (یعنی مد کر کے ساکن حرف پر رکیں)۔

رِيْحَ وقف رِيْحْ	حَكِيْمُ وقف حَكِيْمْ	يُرِيْدُ وقف يُرِيْدْ
حِيْنَ وقف حِيْنْ	أُضِيْعُ وقف أُضِيْعْ	قَدِيْرُ وقف قَدِيْرْ

نوٹ: جب بھی ی مدہ پر وقف کریں تو ی مدہ کی آواز کو ایک سکینڈ ہی لمبا کھینچیں جیسا کہ عام حالت میں پڑھتے ہیں۔

عِبَادِیْ وقف عِبَادِیْ	بِبَنِیْ وقف بِبَنِیْ	صَلَاتِیْ وقف صَلَاتِیْ
وَنُسُکِیْ وقف وَنُسُکِیْ	سَبِیْلِیْ وقف سَبِیْلِیْ	بَنَاتِیْ وقف بَنَاتِیْ

سوالات حل کریں

سوال: حروف مدہ کتنے ہیں؟

سوال: ی ساکن سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو تو اس ی ساکن کو کیا کہتے ہیں؟

سوال: جب ی مدہ کے بعد کسی حرف پر وقف کریں تو ی مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: ی مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھنا ہے؟

سوال: ی مدہ کے بعد ہمزہ کا حرف آجائے تو ی مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: جب ی مدہ پر وقف کرنا ہو تو ی مدہ کی آواز کو کتنا لمبا کھینچ کر پڑھیں گے؟

مشترکہ وقف کی مشق

نوٹ: یہ مشق استاد صاحب اپنے طلباء کرام سے حل کروائیں۔ (حرکات۔ زبر زیر پیش اور حروف مدہ)

وقف: عربی زبان میں ٹھہرنے کو کہتے ہیں اور قرآن پاک میں وقف کلمے کے آخری حرف کو ساکن کر کے ٹھہرنے کا نام ہے۔ اور اگر حرف پہلے سے ساکن ہو تو دوبارہ ساکن کرنے کی ضرورت نہیں۔

حرکات: زبر، زیر، پیش والے حروف پر وقف

خَتَمَ وقف خَتَمْ	شَرَحَ وقف شَرَحْ	شَجَرَ وقف شَجَرْ
خَطِفَ وقف خَطِفْ	عَلِمَ وقف عَلِمْ	کِبَرَ وقف کِبَرْ
حَسُنَ وقف حَسُنْ	یَصِلُ وقف یَصِلْ	صُحُفِ وقف صُحُفْ

حروف مدہ (الف مدہ۔ واؤ مدہ۔ ی مدہ) پر وقف

نُوْحِيْهَا وقف نُوْحِيْهَا	اُوْذِيْنَا وقف اُوْذِيْنَا	خَلَافِيْهَا وقف خَلَافِيْهَا
تُصِيْبُوْا وقف تُصِيْبُوْا	ضَرَبُوْا وقف ضَرَبُوْا	فَذُوْقُوْا وقف فَذُوْقُوْا
رَوَاسِيَ وقف رَوَاسِيَ	بِكَلَامِيْ وقف بِكَلَامِيْ	يُوَارِيْ وقف يُوَارِيْ

حروف مدہ کے بعد والے حرف پر وقف

نوٹ: وقف کے لیے خالی جگہ چھوڑ دی ہے طالب علم وقف خود کر کے سنائیں۔

فَلَاجُنَاحَ وقف...	وَاَقَامَ وقف.....	لَامُقَامَ وقف.....
هُوَيَبُوْرُ وقف....	لَايُوْقِنُوْنَ وقف.....	رَاوَدُوْهُ وقف .....
نَادِمِيْنَ وقف...	فِيْهَاحَرِيْرٌ وقف.....	اِذَاقِيْلَ وقف .....

تعلیمی رپورٹ (جائزہ/امتحان) برائے "حروف مدہ"

نوٹ امتحان قرآن کریم سے لیا جائے۔

نام _____ ولدیت _____

مدت تعلیم "حروف مدہ" شروع کرنے کی تاریخ _____ نام متعلقہ استاد _____

ختم کرنے کی تاریخ _____ دستخط متعلقہ استاد _____

نام ممتحن _____ کیفیت _____

دستخط ممتحن _____ دستخط سرپرست _____ دستخط مہتمم/پرنسپل _____

لیول نمبر۴ سبق نمبر۴: کھڑی حرکات

ہدایات: کھڑی حرکات تین ہیں۔ کھڑا زبر ـٰ کھڑی زیر ـٖ اور الٹا پیش ـٗ

ادائیگی کا طریقہ: کھڑی حرکات پڑھنے میں آواز اور مقدار کے اعتبار سے بالکل حروف مدہ کی آواز و مقدار کی طرح ایک ہی چیز ہیں۔ صرف لکھنے کے انداز و شکل میں فرق ہے۔

کھڑی حرکات کی مقدار: کھڑی حرکات کی آواز کو حروف مدہ کی طرح دو حرکات کے برابر (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

کھڑی حرکات کے بعد ہمزہ: کھڑی حرکات (کھڑا زبر کھڑی زیر الٹا پیش) کے بعد ہمزہ آجائے یا ساکن حرف آجائے تو کھڑی حرکات کو ایک سے تین سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔

نوٹ: بعض دفعہ کھڑا زبر کے بعد (ی) اور بعض دفعہ (و) لکھی ہوتی ہے۔ اس (ی) اور (و) کو صرف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا۔ **نوٹ:** بچوں کی وقتی و ابتدائی تعلیمی ضرورت کی وجہ سے کھڑی حرکات کو تمام حرفوں پر لکھا جا رہا ہے۔

کھڑا زبر ـٰ

نوٹ: کھڑا زبر آواز اور مقدار میں الف مدہ کے مشابہ ہے۔

اٰ	بٰ	تٰ	ثٰ	جٰ	حٰ	خٰ	دٰ	ذٰ	رٰ	زٰ	سٰ	شٰ	صٰ
ضٰ	طٰ	ظٰ	عٰ	غٰ	فٰ	قٰ	كٰ	لٰ	مٰ	نٰ	وٰ	هٰ	یٰ
ثٰی	دٰی	جٰی	رٰی	طٰی	ظٰی	غٰی	عٰی	لٰی	بٰو	کٰو	لٰو	یٰو	

مشق کھڑا زبر ـٰ : دو حروف: ہجے کا طریقہ: طٰلِ: ص کھڑا زبر طٰ ل زیر لِ طٰلِ

صٰ+لِ صَالِ	خٰ+شِ خَاشِ	لٰ+نِ لَانِ	عٰ+كِ عَاكِ	قٰ+تُ قَاتُ	نٰ+هُ نَاهُ
اٰ+سٰی اَسٰی	غٰ+وٰی غَوٰی	سٰ+جٰی سَجٰی	طٰ+غٰی طَغٰی	رٰ+اٰی رَاٰی	هٰ+دٰی هُدٰی

عَ+طٰی عَطٰی	لَ+ظٰی لَظٰی	نَ+رٰی نَرٰی	سَ+عٰی سَعٰی	اَ+وٰی اٰوٰی	رِ+بُو رِبُو

تین حروف

فَ+نَا+دٰی فَنَادٰی	زَ+کٰو+ۃَ زَکٰوۃَ	صَ+لٰو+ۃِ صَلٰوۃِ	حٰ+فِ+ظُوْا حٰفِظُوْا	مَ+اٰ+بِ مَاٰبِ

تین حروف سے زائد:

مَا+تَرٰی+فِیْ مَا تَرٰی فِیْ	وَسَعٰی+لَهَا وَسَعٰی لَهَا	بَلٰی+قٰدِرِیْنَ بَلٰی قٰدِرِیْنَ	قَالَ+مُوْسٰی قَالَ مُوْسٰی
اَتٰکَ+حَدِیْثُ+مُوْسٰی اَتٰکَ حَدِیْثُ مُوْسٰی		فَجَاسُوْا+خِلٰلَ فَجَاسُوْا خِلٰلَ	فَقَالُوْا+سَلٰمًا فَقَالُوْا سَلٰمًا

کھڑا زبر کے بعد ہمزہ کی مثالیں

نوٹ: جب بھی کھڑا زبر کے بعد ہمزہ آجائے تو کھڑے زبر کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔ (یعنی مد کر کے پڑھیں گے۔)

مُوْسٰی اِلٰی مُوْسٰٓی اِلٰی	عَلٰی اُصُوْلِهَا عَلٰٓی اُصُوْلِهَا	وَعَلٰی اٰلِ وَعَلٰٓی اٰلِ

وقف کی مشق

نوٹ: جب بھی کھڑا زبر کے بعد ساکن حرف آجائے یا وقف کی وجہ سے حرف کو خود ساکن کریں تو کھڑے زبر کی آواز کو ایک سے تین سیکنڈ کے درمیان لمبا کھینچ کر ساکن حرف پر رکیں۔

کُشِفْتُ وقف کُشِفْتْ	اِلٰهِ وقف اِلٰهْ	اَلْاٰنَ وقف اَلْاٰنْ	اَبَوٰهُ وقف اَبَوٰهْ

رِسٰلٰتِ وقف رِسٰلٰتْ	كَلِمٰتُ وقف كَلِمٰتْ	بِاٰيٰتِ وقف بِاٰيٰتْ	خِلٰلَ وقف خِلٰلْ

نوٹ: جب کسی حرف پر کھڑا زبر ہو اور اس پر وقف کریں تو کھڑے زبر کی آواز کو ایک سیکنڈ ہی (جو اسکی نارمل مقدار ہے) لمبا کھینچ کر پڑھیں۔

سَبْحٰى وقف سَبْحٰى	عَسٰى وقف عَسٰى	هُدًى وقف هُدًى	اِلٰى وقف اِلٰى

سوالات حل کریں

سوال: کھڑے زبر کو کتنی مقدار تک کھینچ کر پڑھنا ہے؟

سوال: کھڑا زبر پڑھنے میں آواز اور مقدار کے اعتبار سے کس کے مشابہ ہے؟

سوال: کھڑے زبر کے بعد ہمزہ آجائے تو کھڑے زبر کی آواز کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: اگر کھڑے زبر والے حرف پر وقف کریں تو کھڑے زبر کی آواز کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: جب کھڑے زبر کے بعد والے حرف پر وقف کریں تو کھڑے زبر کی آواز کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

کھڑی زیر ـٖ

ہدایات: **کھڑی زیر:** کھڑی حرکات میں دوسری حرکت کھڑی زیر کی ہے۔

ادائیگی کا طریقہ: کھڑی زیر پڑھنے میں آواز و مقدار کے اعتبار سے ی مدہ کے مشابہ ہے۔

کھڑی زیر کی مقدار: کھڑی زیر کی آواز کو ی مدہ کی طرح دو حرکات کے برابر (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

کھڑی زیر کے بعد ہمزہ: کھڑی زیر کے بعد ہمزہ آجائے تو کھڑی زیر کی آواز کو 1 سے 3 سیکنڈ لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔

اِ	بِ	تِ	ثِ	جِ	حِ	خِ	دِ	ذِ	رِ	زِ	سِ	شِ	صِ
ضِ	طِ	ظِ	عِ	غِ	فِ	قِ	كِ	لِ	مِ	نِ	وِ	هِ	يِ

مشق کھڑی زیر ـِ

وَ كُتُبِهٖ وكُتُبِهِيْ	وَرُسُلِهٖ وَرُسُلِهِيْ	اٰيٰتِهٖ اٰيٰتِهِيْ	نُوْرِهٖ نُوْرِهِيْ	صَاحِبَتِهٖ صَاحِبَتِهِيْ

کھڑی زیر کے بعد ہمزہ کی مثالیں

نوٹ: کھڑی زیر کے بعد ہمزہ آجائے تو کھڑی زیر کی آواز کو 1 سے 3 سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔

هٰذِهٖ اَبَدًا هٰذِهِيْٓ اَبَدًا	عِبَادِهٖ اِذَا عِبَادِهِيْٓ اِذَا	هٰذِهٖ اِيْمَانًا هٰذِهِيْٓ اِيْمَانًا	دُوْنِهٖ اِلٰهًا دُوْنِهِيْٓ اِلٰهًا

وقف کی مشق

نوٹ: جب بھی کھڑی زیر والے حرف پر وقف کریں گے تو کھڑی زیر والا حرف ساکن ہو جائے گا۔ جیسے بِهٖ وقف بِهْ

ہاں اگر کسی کلمے کے آخر میں (ی) کے نیچے کھڑی زیر آجائے تو وہ وقف کی صورت میں باقی رہے گی۔

عِبَادِهٖ وقف عِبَادِهْ	بِعَمَلِهٖ وقف بِعَمَلِهْ	ثَمَرِهٖ وقف ثَمَرِهْ
طَعَامِهٖ وقف طَعَامِهْ	خِلٰلِهٖ وقف خِلٰلِهْ	بِبَالِغِهٖ وقف بِبَالِغِهْ

نوٹ: ''ی'' کے نیچے کھڑی زیر نَسْتَحْيِ، يَسْتَحْيِ ، اُحْيِ ،يُحْيِ وغیرہ کلموں میں کھڑی زیر کو دو حرکات (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) کی مقدار کے برابر لمبا کر کے وقف کریں گے۔

الٹا پیش ـُ

ہدایات: **الٹا پیش:** کھڑی حرکات میں تیسری حرکت الٹا پیش کی ہے۔

ادائیگی کا طریقہ: الٹا پیش پڑھنے میں آواز اور مقدار کے اعتبار سے واؤ مدہ کے مشابہ ہے۔

الٹا پیش کی مقدار: الٹا پیش کی آواز کو واؤ مدہ کی طرح دو حرکات کے برابر (تقریباً ایک سے ڈیڑھ سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں گے۔

الٹا پیش کے بعد ہمزہ: الٹا پیش کے بعد ہمزہ آجائے تو الٹا پیش کی آواز کو 1 سے 3 سیکنڈ تک لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔

اٗ	بٗ	تٗ	ثٗ	جٗ	حٗ	خٗ	دٗ	ذٗ	رٗ	زٗ	سٗ	شٗ	صٗ
ضٗ	طٗ	ظٗ	عٗ	غٗ	فٗ	قٗ	كٗ	لٗ	مٗ	نٗ	وٗ	هٗ	یٗ

مشق الٹا پیش

غَاوٗنَ غَاوُوْنَ	دَاوٗدَ دَاوُوْدَ	مَاوٗرِیَ مَاوُوْرِیَ	مَوَازِیْنُهٗ مَوَازِیْنُهُوْ

الٹا پیش کے بعد ہمزہ کی مثالیں

وَرِثَهٗ اَبَوٰهُ وَرِثَهٓ اَبَوٰهُ	مَالُهٗ اِذَا مَالُهٓ اِذَا	مَعَهٗ اَلَا مَعَهٓ اَلَا	جَزَآؤُهٗ اِنْ جَزَآؤُهٓ اِنْ

وقف کی مشق

نوٹ: جب بھی الٹا پیش والے حرف پر وقف کریں گے تو الٹا پیش والا حرف ساکن ہو جائے گا جیسے اَمَرَهٗ وقف اَمَرَهْ

رَسُوْلَهٗ وقف رَسُوْلَهْ	حُدُوْدَهٗ وقف حُدُوْدَهْ	بَیَانَهٗ وقف بَیَانَهْ
اَمَرَهٗ وقف اَمَرَهْ	اَمَاتَهٗ وقف اَمَاتَهْ	وَثَاقَهٗ وقف وَثَاقَهْ

نوٹ: کسی کلمے کے آخر میں واؤ کے اوپر الٹا پیش آجائے تو وقف کی صورت میں باقی رہے گا۔ جیسے فَأُوْا وقف فَأُوْا

نوٹ: الٹا پیش کے بعد جب کسی حرف کو ساکن کریں تو الٹا پیش کی آواز کو ایک سے تین سیکنڈ کے درمیان لمبا کھینچ کر ساکن حرف پر رکھیں جیسے غَاوٗنَ وقف غَاوْنْ، دَاوٗدَ وقف دَاوْدْ

سوالات حل کریں

سوال: کھڑی زیر پڑھنے میں آواز ومقدار کے اعتبار سے کس کے مشابہ ہے؟

سوال: الٹا پیش پڑھنے میں آواز ومقدار کے اعتبار سے کس کے مشابہ ہے؟

سوال: کھڑی زیر اور الٹا پیش کے بعد ہمزہ آجائے تو ان کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے؟

سوال: الٹا پیش کے بعد جب کسی حرف پر وقف کریں گے تو الٹا پیش کو کتنی مقدار میں کھینچ کر وقف کریں گے؟

سوال: جب کھڑی زیر ''ی'' کے نیچے اور الٹا پیش ''واؤ'' کے اوپر ہو تو وقف کی صورت میں ان کو کتنا کھینچیں گے؟

پڑی حرکات، کھڑی حرکات اور حروف مدہ کی مختصر سی مشق

بَ	بٰ	بَا	تِ	تٖ	تِیْ	ثُ	ثٗ	ثُوْ
جَ	جٰ	جَا	صَ	صٰ	صَا	ضِ	ضٖ	ضِیْ
طُ	طٰ	طُوْ	ظَ	ظٰ	ظَا	قَ	قٰ	قَا
لِ	لٖ	لِیْ	هُ	هٗ	هُوَا	یَ	یٰ	یَا

تعلیمی رپورٹ (جائزہ/امتحان) برائے ''کھڑی حرکات''

نوٹ امتحان قرآن کریم سے لیا جائے۔

نام _____ ولدیت _____

مدت تعلیم

''کھڑی حرکات'' شروع کرنے کی تاریخ _____ نام متعلقہ استاد _____

ختم کرنے کی تاریخ _____ دستخط متعلقہ استاد _____

نام ممتحن _____ کیفیت _____

دستخط ممتحن _____ دستخط سرپرست _____ دستخط مہتمم/پرنسپل _____

لیول نمبر۵ سبق نمبر۵: حروف لین (واؤ لین، ی لین)

ہدایات: حروف لین دو ہیں۔ واؤ لین، ی لین

واؤ لین: زبر والے حرف کیساتھ واؤ ساکن آجائے تو وہ واؤ واؤ لین، ہوگی۔ جیسے جَوْ شَوْ

ی لین: زبر والے حرف کیساتھ ی ساکن آجائے تو وہ ی ی لین، ہوگی۔ جیسے جَیْ۔ شَیْ

حروف لین کی مقدار: حروف لین کی مقدار کو ایک حرکت (تقریباً ایک سے آدھا سیکنڈ) لمبا کھینچ کر پڑھیں۔

ادائیگی کا طریقہ: حروف لین کی آواز کو بغیر جھٹکے اور بغیر لمبا کیے نرمی سے ادا کریں۔

لین کے معنی: لین کے معنی نرمی چونکہ یہ حروف نرمی سے ادا ہوتے ہیں اس لیے لین کہلاتے ہیں۔

نوٹ: اکثر واؤ لین جب کسی کلمے کے آخر میں ہو تو اس کے ساتھ الف لکھا ہوا ہوگا۔ جیسے دَعَوْا، خَلَوْا
اور جب واؤ لین کلمے کے درمیان ہو تو اس کے ساتھ الف نہیں لکھا ہوا ہوگا۔ جیسے یَوْمَ سَوْفَ

واؤ لین

اَوْا	بَوْا	تَوْا	ثَوْا	جَوْا	حَوْا	خَوْا	دَوْا	ذَوْا	رَوْا
زَوْا	سَوْا	شَوْا	صَوْا	ضَوْا	طَوْا	ظَوْا	عَوْا	غَوْا	فَوْا
	قَوْا	كَوْا	لَوْا	مَوْا	نَوْا	وَوْا	هَوْا	يَوْا	

مشق واؤ لین ان مثالوں میں واؤ لین کلمے کے درمیان میں آرہا ہے اس لیے واؤ لین کے بعد الف نہیں لکھا ہوا۔

دو حروف: ہجے کا طریقہ: يَوْمَ: ی وزبر يَوْ مَ زبر مَ يَوْمَ

نوٹ: ظاہری و حقیقی اعتبار سے یہ دو حرفی نہیں بلکہ تین حرفی (فَوْقَ = ف و ق) ہیں لیکن ادائیگی کے اعتبار سے یہ دو حرفی بن جاتے ہیں فَوْ اور قَ۔۔۔ بچوں کی تعلیمی و وقتی ضرورت کی بنا پر ایسا کیا گیا اہل فن اسکو علمی نظر سے نہ دیکھیں۔ آگے تمام حروفِ لِیْن، کو اسی انداز سے لکھا گیا ہے۔

يَوْ+مَ	سَوْ+فَ	فَوْ+قَ	سَوْ+طَ	مَوْ+تٰ	اَوْ+حٰی	اَوْ+لٰی
يَوْمَ	سَوْفَ	فَوْقَ	سَوْطَ	مَوْتٰی	اَوْحٰی	اَوْلٰی

دو سے زائد حروف

یٰ+قَوْ+مَ	اَوْ+رَ+ثَ+نَا	عَ+فَوْ+نَا	یَ+رَوْ+نَ+هَا	اَوْ+تَا+دَا	یَ+رَوْ+نَ	اَوْ+بَا+رِ
يٰقَوْمَ	اَوْرَثْنَا	عَفَوْنَا	يَرَوْنَهَا	اَوْتَادَا	يَرَوْنَ	اَوْبَارِ

لِغُلٰمَيْنِ وقف لِغُلٰمَيْنْ	اَفَرَءَيْتَ وقف اَفَرَءَيْتْ	قَوْسَيْنِ وقف قَوْسَيْنْ
زَوْجَيْنِ وقف زَوْجَيْنْ	بِوَالِدَيْهِ وقف بِوَالِدَيْهْ	اِلَيْكَ وقف اِلَيْكْ

سوالات حل کریں

سوال: حروف لین کتنے ہیں؟

سوال: واؤ لین کسے کہتے ہیں؟

سوال: ی لین کسے کہتے ہیں؟

سوال: حروف لین کی مقدار کتنی ہے؟

سوال: حروف لین کے بعد کسی حرف پر وقف کرنا پڑے تو حروف لین کی آواز کو کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں؟

سوال: اور جب حروف لین پر وقف کرنا پڑے تو پھر کتنی مقدار میں کھینچ کر پڑھیں گے۔؟

مشترکہ وقف کی مشق

۱ حرکات ۲ کھڑی حرکات ۳ حروف مدہ ۴ حروف لین

ہدایات:

۱۔ حروف مدہ، کھڑا زبر اور حروف لین، کے بعد والے حرف پر جب بھی وقف کریں تو حروف مدہ، کھڑا زبر اور حروف لین کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ لمبا کھینچ کر اگلے حرف پر رکیں۔

۲۔ اور جب حروف مدہ، کھڑا زبر اور حرف لین والے حرف پر وقف کریں تو ایک سکینڈ ہی لمبا کریں۔

نوٹ: کھڑی زیر اور الٹا پیش کو وقف کی صورت میں ساکن کر دیں گے۔

نوٹ: یہ مشق استاد صاحب اپنے طلباء کرام سے حل کروائیں۔ اور جوڑ کے ساتھ سنیں۔

سَبِيْلَكَ وقف سَبِيْلَكْ	وَمَا بَطَنَ وقف وَمَا بَطَنْ	فَلَا رَفَثَ وقف فَلَا رَفَثْ
كَمَثَلِ وقف كَمَثَلْ	كَيْفَ فَعَلَ وقف كَيْفَ فَعَلْ	مَجٰلِسِ وقف مَجٰلِسْ
وَلَاجِدَالَ وقف وَلَاجِدَالْ	اَفَاقَ قَالَ وقف اَفَاقَ قَالْ	وَنَذَرَمَا كَانَ وقف وَنَذَرَمَا كَانْ
فِيْهَا خَالِدُوْنَ وقف فِيْهَا خَالِدُوْنْ		لَا يَزَالُوْنَ وقف لَا يَزَالُوْنْ
حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وقف حِيْنَ تُرِيْحُوْنْ		اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ وقف اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنْ

وقف کی مشق

نوٹ: واؤ لین کے بعد جب کسی حرف کو ساکن کر کے وقف کریں تو واؤ لین کی آواز کو 2 دو سے 3 تین سیکنڈ کی مقدار کے برابر لمبا کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔ (یعنی مد کر کے وقف کریں)

فَسَوْفَ وقف فَسَوْۤفْ	يَرَوْنَ وقف يَرَوْۤنْ	دَعَوْتُ وقف دَعَوْۤتْ

نوٹ: جب واؤ لین پر وقف کرنا پڑے تو واؤ لین کی آواز کو ایک سیکنڈ ہی (جو اسکی نارمل مقدار ہے) کھینچ کر پڑھیں گے۔
ان مثالوں میں واؤ لین کلمے کے آخر میں آ رہا ہے اس لیے واؤ لین کے بعد الف بھی لکھا ہوا ہے۔

تَنَاجَوْا وقف تَنَاجَوْا	وَتَوَاصَوْا وقف وَتَوَاصَوْا	بِمَا عَصَوْا وقف بِمَا عَصَوْا

ی لین

ی لین: ی ساکن سے پہلے (پچھلے) حرف پر زبر ہو تو وہ ی لین ہوگی۔

اَیْ	بَیْ	تَیْ	ثَیْ	جَیْ	حَیْ	خَیْ	دَیْ	ذَیْ	رَیْ	زَیْ	سَیْ	شَیْ	صَیْ
ضَیْ	طَیْ	ظَیْ	عَیْ	غَیْ	فَیْ	قَیْ	کَیْ	لَیْ	مَیْ	نَیْ	وَیْ	هَیْ	یَیْ

مشق ی لین

دو حروف: ہجے کا طریقہ: اَیْنَ: ہمزہ ی زبر اَیْ ن زبر نَ: اَیْنَ

اَیْ + نَ اَیْنَ	بَیْ + نَ بَیْنَ	خَیْ + رَ خَیْرَ	گَیْ + فَ کَیْفَ	لَیْ + سَ لَیْسَ

دو سے زائد حروف:

رَ + اَیْ + تَ رَاَیْتَ	عَ + لَیْ + كَ عَلَیْكَ	اَیْ + مَا + نُ اَیْمَانُ	هَ + دَیْ + نَا هَدَیْنَا
اَوْ + حَیْ + نَا اَوْحَیْنَا	شَ + هِیْ + دَیْ + نِ شَهِیْدَیْنِ	یَ + تِیْ + مَیْ + نِ یَتِیْمَیْنِ	بِ + اَیْ + دِیْ + نَا بِاَیْدِیْنَا

وقف کی مشق

نوٹ: ی لین کے بعد جب کسی حرف کو ساکن کر کے وقف کریں تو ی لین کی آواز کو دو سے تین سیکنڈ کی مقدار کے برابر کھینچ کر پڑھ سکتے ہیں۔ (یعنی مد کر کے وقف کریں)

قَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ وقف	قَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهٖ	وَبَنِيْنَ وقف وَبَنِيْنَ
فَرِحِيْنَ وقف فَرِحِيْنَ	وَيُمِيْتُ وقف وَيُمِيْتُ	سُلَيْمٰنَ وقف سُلَيْمٰنَ
فَتَيْنِ وقف فَتَيْنَ	غَاوٗنَ وقف غَاوٗنَ	دَاوٗدَ وقف دَاوٗدَ
يَتَنٰجَوْنَ وقف يَتَنٰجَوْنَ	وَيٰقَوْمِ وقف وَيٰقَوْمِ	يَرَوْنَ وقف يَرَوْنَ
شَهِيْدَيْنِ وقف شَهِيْدَيْنَ	كَمَثَلِ غَيْثٍ وقف كَمَثَلِ غَيْثٍ	اِلٰهَيْنِ وقف اِلٰهَيْنَ

۲۔ حروف مدہ، حروف لین اور کھڑی حرکات یعنی کھڑی زیر اور الٹا پیش والے حرف پر وقف

اُوْذِيْنَا وقف اُوْذِيْنَا	يٰوَيْلَتَنَا وقف يٰوَيْلَتَنَا	سَوْاٰتُهُمَا وقف سَوْاٰتُهُمَا
وَمَا كَانُوْا وقف وَمَا كَانُوْا	اِذَا فَعَلُوْا وقف اِذَا فَعَلُوْا	اَوْ قَدُوْا وقف اَوْ قَدُوْا
فِيْ قَوْمِيْ وقف فِيْ قَوْمِيْ	فَاُوَارِيَ وقف فَاُوَارِيْ	وَمَا اُوْتِيَ وقف وَمَا اُوْتِيْ
فَاَتَوْا عَلٰى وقف فَاَتَوْا عَلٰى	جَآءَ مُوْسٰى وقف جَآءَ مُوْسٰى	نَصٰرٰى وقف نَصٰرٰى
صَاحِبَتِهٖ وقف صَاحِبَتِهٖ	خِلٰلِهٖ وقف خِلٰلِهٖ	مَوَاضِعِهٖ وقف مَوَاضِعِهٖ
مَوَازِيْنُهٗ وقف مَوَازِيْنُهٗ	نَزَعَ يَدَهٗ وقف نَزَعَ يَدَهٗ	فَاَصَابَهٗ وقف فَاَصَابَهٗ
وَتَوَاصَوْا وقف وَتَوَاصَوْا	فَتَنَادَوْا وقف فَتَنَادَوْا	يٰصَاحِبَيَ وقف يٰصَاحِبَيَ

مدّات کی مشق

فِيْ مَآ اُوْحِيَ	اَلَا سَآءَ مَا	بِمَآ اُوْتُوْا	اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ
فَاِذَآ اَصَابَ	اَنَآئٍ	هَآؤُمُ	جَزَآؤُهٗ

تَرَآءَتِ	قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا	وَهُدُوْٓا اِلَى	اٰمَنُوْٓا اِذَا
نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ	سَاٰوِيْٓ اِلٰى	وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ	يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ
شُهَدَآءُ	عَلٰٓى اَثَرِىْ	ثَمَرِهٖٓ اِذَآ	اٰوٰى اِلَيْهِ
غَيْبِهٖٓ اَحَدًا	مَعَهٗٓ اَخَاهُ	مَالُهٗٓ اِذَا	وَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ

حروف لین اور حروف مدہ کی آواز کے فرق کو واضح کریں

اَوْا	اُوْا	بَوْا	بُوْا	تَوْا	تُوْا	جَوْا	جُوْا	حَوْا	حُوْا
		خَوْا	خُوْا	دَوْا	دُوْا	ذَوْا	ذُوْا		
رَیْ	رِیْ	زَیْ	زِیْ	سَیْ	سِیْ	شَیْ	شِیْ	صَیْ	صِیْ
		ضَیْ	ضِیْ	طَیْ	طِیْ	ظَیْ	ظِیْ		

تعلیمی رپورٹ (جائزہ/امتحان) برائے حروف لین (واؤ لین، ی لین)

نوٹ امتحان قرآن کریم سے لیا جائے۔

نام _____ ولدیت _____

مدت تعلیم

"حروف لین" شروع کرنے کی تاریخ _____ نام متعلقہ استاد _____

ختم کرنے کی تاریخ _____ دستخط متعلقہ استاد _____

نام ممتحن _____ کیفیت _____

دستخط ممتحن _____ دستخط سرپرست _____ دستخط مہتمم/پرنسپل _____

لیول نمبر ۶ سبق نمبر ۶ : جزم وسکون ـْـ

ہدایات:

① دال جیسی چھوٹی سی اس ـْـ شکل کے دو نام ہیں۔ ۱۔ جزم ۲۔ سکون

② جس حرف پر یہ علامت ہو اسے مَجْزُوْم یا ساکن حرف کہتے ہیں۔

ادائیگی کا طریقہ: ③ جزم والے حرف کو اپنے سے پہلے متحرک حرف سے ملا کر ایک دفعہ پڑھا جاتا ہے۔

④ جزم والا حرف تھوڑی نرمی سے ادا کیا جاتا ہے۔ ساکن حرف کو پڑھتے ہوئے آواز میں سکون وٹھہراؤ ہوگا سوائے حروف قلقلہ ، ت ، ک اور ہمزہ کے ۔

حروف قلقلہ: ⑤ حروف قلقلہ ۵ پانچ ہیں۔ ق ط ب ج د، ان کا مجموعہ قُطْبُ جَدٍّ ہے۔

قلقلہ کے معنی: ⑥ قلقلہ کا معنی ہے حرکت وجنبش یعنی حروف قلقلہ کو ساکن حالت میں ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں معمولی سی حرکت پیدا کرنے کو قلقلہ کہتے ہیں۔

⑦ جزم ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتی ہے۔

⑧ جس الف پر جزم یعنی سکون ہو اسے ہمزہ پڑھنا ہے۔ الف نہیں اور ہمزہ ساکن ہمیشہ تھوڑا جھٹکے سے پڑھا جاتا ہے۔ ت اور ک ساکن پر آواز رک جاتی ہے۔

⑨ نون ساکن اور م ساکن کو پڑھتے ہوئے آواز ناک میں جاتی ہے تقریباً آدھا سکینڈ

نوٹ: استاد صاحب طلباء کرام کو حروف قلقلہ اور دوسرے ساکن حروف کی آواز کے فرق کو خوب ذہن نشین کرائیں۔

زبر: ـَـ + جزم (سکون)

ہجے کا طریقہ: ھمزہ ب زبر: اَبْ

اَأْ	اَبْ	اَتْ	اَثْ	اَجْ	اَحْ	اَخْ	اَدْ	اَذْ	اَرْ	اَزْ	اَسْ	اَشْ	اَصْ
اَضْ	اَطْ	اَظْ	اَعْ	اَغْ	اَفْ	اَقْ	اَكْ	اَلْ	اَمْ	اَنْ	اَوْ	اَهْ	اَىْ

مشق زبر: ـَـ + جزم (سکون)

دو سے زائد حروف

ہجے کا طریقہ: تَعْلَمُ: ت ع زبر تَعْ ل زبر لَ تَعْلَ م پیش مُ: تَعْلَمُ

تَ+عْ+لَ+مُ	قَ+بْ+لِ+نَا	تَ+ذْ+هَ+لُ	يَ+جْ+عَ+لُ	رَ+حْ+مَ+تُ
تَعْلَمُ	قَبْلِنَا	تَذْهَلُ	يَجْعَلُ	رَحْمَتُ

اَ+رْ+سَ+لَ اَرْسَلَ	اَ+طْ+هَ+رُ اَطْهَرُ	اَ+حْ+بَ+طَ اَحْبَطَ	وَ+جَ+دْ+نَا وَجَدْنَا	خَ+لَ+قْ+نَا خَلَقْنَا
يَ+بْ+سُ+طُ يَبْسُطُ	قَ+لْ+بِ+هٖ قَلْبِهٖ	فَ+ضْ+لِ+هٖ فَضْلِهٖ	ظَ+هْ+رِ+هٖ ظَهْرِهٖ	بَ+طْ+نِ+هٖ بَطْنِهٖ
فَ+تَ+قْ+عُ+دَ فَتَقْعُدَ	حَ+لَ+لْ+تُ+مْ حَلَلْتُمْ	يَ+ظْ+لَ+لْ+نَ يَظْلَلْنَ	يَ+سْ+تَ+عْ+جِ+لُ يَسْتَعْجِلُ	
اَ+لْ+حَ+مْ+دُ اَلْحَمْدُ	اَ+لْ+فَ+صْ+لِ اَلْفَصْلِ	اَ+لْ+كَ+هْ+فِ اَلْكَهْفِ	اَ+لْ+مَ+شْ+رِ+قِ اَلْمَشْرِقِ	
يَ+مْ+سَ+سْ+نَ يَمْسَسْنَ	تَ+سْ+تَ+فْ+تِ تَسْتَفْتِ	تَ+شْ+تَ+هِ+يْ+هِ تَشْتَهِيْهِ	يَ+ضْ+حَ+كُ+وْ+نَ يَضْحَكُوْنَ	

زیر: ـِ + جزم (سکون)

نوٹ: زیر والے حرف کیساتھ راساکن آجائے تو 'را' کی آواز کو باریک پڑھیں گے۔

اِأْ	اِبْ	اِتْ	اِثْ	اِجْ	اِحْ	اِخْ	اِدْ	اِذْ	اِرْ	اِزْ	اِسْ	اِشْ	اِصْ
اِضْ	اِطْ	اِظْ	اِعْ	اِغْ	اِفْ	اِقْ	اِكْ	اِلْ	اِمْ	اِنْ	وِ (ساکن سے پہلے زیر نہیں آتی)	اِهْ	اِیْ

مشق زیر: ـِ + زبر: ـَ + جزم (سکون)

دو سے زائد حروف:

مِ+صْ+رَ مِصْرَ	رِ+زْ+قِ رِزْقِ	بِ+ءْ+سَ بِئْسَ	عِ+لْ+مُ عِلْمُ	اُ+مِ+رْ+تُ اُمِرْتُ	حِ+زْ+بَ حِزْبَ	جِ+ذْ+عِ جِذْعِ
بِ+مِ+ثْ+لِ بِمِثْلِ	عِ+مْ+رٰ+نَ عِمْرٰنَ	اِ+حْ+سَا+نَ اِحْسَانَ	اَ+لْ+حِ+كْ+مَ+ةَ اَلْحِكْمَةَ	اَ+لْ+مِ+صْ+بَا+حُ اَلْمِصْبَاحُ		

فِ+رْ+عَوْ+نَ	اَ+لْ+مِ+حْ+رَا+بَ	اِ+سْ+تَ+فْ+زِ+زْ	نِ+عْ+مَ+تِ+یْ	اِ+قْ+رَ+اْ
فِرْعَوْنَ	اَلْمِحْرَابَ	اِسْتَفْزِزْ	نِعْمَتِیْ	اِقْرَاْ

پیش ـُـ + جزم (سکون)

نوٹ: پیش والے حرف کو پڑھتے ہوئے جب ساتھ والے حرف کو ملائیں گے تو صرف پیش والے حرف پر ہونٹ گول کریں گے ساتھ والے حرف پر نہیں۔ سوائے واؤ ساکن کے

اُأْ	اُبْ	اُتْ	اُثْ	اُجْ	اُحْ	اُخْ	اُدْ	اُذْ	اُرْ	اُزْ	اُسْ	اُشْ	اُصْ
اُضْ	اُطْ	اُظْ	اُعْ	اُغْ	اُفْ	اُقْ	اُكْ	اُلْ	اُمْ	اُنْ	اُوْ	اُهْ	ی (ساکن سے پہلے پیش نہیں آتی۔)

مشق پیش : ـُـ + زبر: ـَـ + زیر: ـِـ + جزم (سکون)

دو سے زائد حروف:

مُ+لْ+كِ	اُ+خْ+تُ+كَ	یُ+سْ+كِ+نُ	یُ+رْ+سِ+لِ	یُ+فْ+رَ+قُ
مُلْكِ	اُخْتُكَ	یُسْكِنُ	یُرْسِلِ	یُفْرَقُ
اُ+رْ+سِ+لْ+تُ	اَ+لْ+قُ+رْ+اٰ+نِ	تَ+بْ+سُ+طْ+هَا	تُ+رْ+هِ+قْ+نِیْ	حُ+سْ+نَ
اُرْسِلْتُ	اَلْقُرْاٰنِ	تَبْسُطْهَا	تُرْهِقْنِیْ	حُسْنَ
فَ+یُ+مْ+سِ+كْ	فَ+تُ+صْ+بِ+حُ	یُ+ضْ+لِ+لْ+هُ	یُ+صْ+هَ+رُ	مُ+خْ+لِ+صِ+یْ+نَ
فَیُمْسِكْ	فَتُصْبِحُ	یُضْلِلْهُ	یُصْهَرُ	مُخْلِصِیْنَ

غُنّہ کی مشق (نون ساکن اور میم ساکن کے غنہ کی اقسام)

ہدایات: غنہ: ناک میں آواز لے جانے کو غنہ کہتے ہیں۔

غنہ کی مقدار: ایک الف یعنی آدھے سیکنڈ سے لے کر تقریباً ۲ سیکنڈ تک کی مقدار ہے۔

غنہ کی ادائیگی کا طریقہ: زبان کی نوک تالو سے تھوڑے فاصلے پر رکھ کر پڑھیں گے تو آواز ناک سے آئے گی۔

نون ساکن کے غنہ کی ۴ قسمیں ہیں۔ اِخْفَاءٌ اِظْهَارٌ اِقْلَابٌ اِدْغَامٌ

اِخْفَاء: نون ساکن کے بعد حروف حلقی (ء، ھا، ع، ح، غ، خ) اور حروف یَرْمَلُوْنَ (ی، ر، م، ل، و، ن) اور ب کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو غنہ ہوگا۔

نوٹ: شاٹ کٹ سمجھنے کے لیے اتنا ذہن میں رکھ لیں کہ نون ساکن کہ بعد حروف حلقی کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو غنہ ہوگا اور اس کو اخفاء کہتے ہیں۔ اخفاء کا معنی ہے چھپانا۔

نوٹ: اردو میں چند الفاظ ایسے بھی بولے جاتے ہیں جن کے نون میں اخفاء والی آواز ہوتی ہے۔ جیسے بانس، سانس، آنچ، ماں وغیرہ

اِنْ سَانَ	مِنْ دِيَارِ	يَ نْ ظُ رُوْنَ	اِنْ فِ طَارِ	فَ مَنْ شَاءَ
اِنْسَانَ	مِنْ دِيَارِ	يَنْظُرُوْنَ	اِنْفِطَارِ	فَمَنْ شَآءَ
اِنْ قَ لَ بُوْا	يَ نْ فِ قُ	مَ نْ ثُوْرًا	مُ قَ نْ طَ رَةٍ	وَلَ نْ تَ جِ دَ
اِنْقَلَبُوْا	يُنْفِقُ	مَنْثُوْرًا	مُقَنْطَرَةٍ	وَلَنْ تَجِدَ
تَ نْ قِ مُوْنَ	اَنْ تُبْ سَ لَ	فَ تَ نْ فُ خُ	مُ نْ ذِ رِ يْ نَ	يَ نْ طِ قُ
تَنْقِمُوْنَ	اَنْ تُبْسَلَ	فَتَنْفُخُ	مُنْذِرِيْنَ	يَنْطِقُ

اِظْهَار: نون ساکن کے بعد حروف حلقی (ء، ھا، ع، ح، غ، خ) میں سے کوئی حرف آجائے تو وہاں اظہار ہوگا یعنی نون ساکن کو بغیر غنہ کیے خوب ظاہر کر کے پڑھیں گے۔

مِ نْ اَ صْ حٰ بِ	يَ نْ هَ وْ نَ	اَ نْ عَ مْ تَ	مَ نْ حَ وْ لَ كُ مْ	مِ نْ غَ يْ رِ هٖ
مِنْ اَصْحٰبِ	يَنْهَوْنَ	اَنْعَمْتَ	مَنْ حَوْلَكُمْ	مِنْ غَيْرِهٖ
مَ نْ خَ لَ قَ	فَ مَ نْ اُ وْ تِ يَ	مِ نْ هٰ ذَا	مِ نْ عِ لْ مِ	مِ نْ حِ كْ مَ ةٍ
مَنْ خَلَقَ	فَمَنْ اُوْتِيَ	مِنْ هٰذَا	مِنْ عِلْمِ	مِنْ حِكْمَةٍ
مَ نْ هَ لَ كَ	اَلْ مُ نْ خَ نِ قَ ةُ	يَ نْ عِ قُ	يَ نْ حِ تُ وْ نَ	مِ نْ اَلِ
مَنْ هَلَكَ	اَلْمُنْخَنِقَةُ	يَنْعِقُ	يَنْحِتُوْنَ	مِنْ اَلِ

۳۔ **اِقْلَاب:** اقلاب کا معنی ہے بدلنا یعنی نون ساکن کے بعد اگر حرف ب آجائے تو نون ساکن کی آواز کو میم کی آواز سے بدل کر غنہ کے ساتھ پڑھیں گے۔ اور ساتھ میں چھوٹا سا میم بھی لکھتے ہیں۔

ہجے کا طریقہ: مِنْۢ بَعْدِ: میم نون زیر مِنْ، بَع زبر بَعْ،: مِنْۢ بَعْ دال زیر دِ مِنْۢ بَعْدِ

نوٹ: جو حضرات ہجوں میں نون ساکن پر لکھے چھوٹے میم کا نام لے کر جوڑ کرتے ہیں وہ طریقہ بھی درست ہے۔ جو طریقہ آسان سمجھیں اسی طرح جوڑ کر لیں۔

غنہ کا طریقہ: اقلاب کا غنہ کرتے ہوئے اقلاب کی میم میں نرمی اور دونوں ہونٹوں کے ملنے میں ہلکا سا فاصلہ ہوگا۔

مِنْۢ بَعْدِ	مِنْۢ بَقْلِهَا	مِنْۢ بُطُوْنِ	مِنْۢ بَنِيْ	مِنْۢ بَيْنِ
مِنْۢ بَعْدِ	مِنْۢ بَقْلِهَا	مِنْۢ بُطُوْنِ	مِنْۢ بَنِيْ	مِنْۢ بَيْنِ
اَنْۢ بَتْنَا	اَنْۢ بَأَكَ	يُنْۢ بِتُ	يَنْۢ بَغِيْ	مِنْۢ بَيْتِهٖ
اَنْۢبَتْنَا	اَنْۢبَأَكَ	يُنْۢبِتُ	يَنْۢبَغِيْ	مِنْۢ بَيْتِهٖ

۴۔ **ادغام:** ادغام کے غنہ کی مشق تشدید کے سبق میں پڑھیں گے۔

میم ساکن کے غنہ کی 3 قسمیں ہیں:

❶ اِخْفَاءِ شَفَوِیْ ❷ اِظْهَارِ شَفَوِیْ ❸ اِدْغَامِ شَفَوِیْ

❶ **اِخْفَاءِ شَفَوِیْ:** میم ساکن کے بعد حرف (ب) آجائے تو میم ساکن پر غنہ ہوگا۔ اور اس غنہ کو اخفاء شفوی کہتے ہیں جیسے مَالَهُمْ بِهٖ

اس غنہ کا نام اخفاء شفوی اس لیے رکھا ہے کہ میم ہونٹوں سے ادا ہوتا ہے۔

نُوْرُهُمْ بَيْنَ	مَالَهُمْ بِهٖ	عَلَيْكُمْ بِمَا	يَعِظُكُمْ بِهٖ
نُوْرُهُمْ بَيْنَ	مَالَ هُمْ بِهٖ	عَلَيْ كُمْ بِ مَا	يَ عِظْ كُمْ بِهٖ
يَأْمُرُكُمْ بِهٖ	اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ	كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ	بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ
يَأْ مُرُ كُمْ بِهٖ	اَنْ تُمْ بِ مُعْ جِزِيْنَ	كُنْ تُمْ بِ اٰيٰ تِهٖ	بَأْ سُ هُمْ بَيْ نَ هُمْ

❷ **اِظْهَارِ شَفَوِیْ:** میم ساکن کے بعد حرف ب اور میم کے علاوہ کوئی اور حرف آجائے تو میم ساکن پر غنہ نہیں کریں گے۔ اظہار یعنی ظاہر کر کے پڑھیں گے۔

هُمْ فِيْهَا هُمْ فِيْهَا	لَكُمْ دِيْنُكُمْ لَكُمْ دِيْنُكُمْ	اَمْثَالُكُمْ اَمْثَالُكُمْ	عِمْرٰنَ عِمْرٰنَ
يَمْلِكُ يَمْلِكُ	وَاَمْطَرْنَا وَاَمْطَرْنَا	جَمْعَهٗ جَمْعَهٗ	يُمْنٰى يُمْنٰى

❸ **ادغام شفوی:** ادغام شفوی کے غنہ کی مشق تشدید کے سبق میں پڑھیں گے۔

نوٹ: نون ساکن کے غنہ کی قسمیں اور میم ساکن کے غنہ کی قسمیں طالب علم کو یاد کرائیں۔

را کو پر/موٹا پڑھیں

را کا قاعدہ: را ساکن سے پہلے حرف پر زبر یا پیش ہو تو را کی آواز کو پُر اور اگر زیر ہو تو را کی آواز کو باریک پڑھیں گے۔

نوٹ: چند جگہیں ایسی ہیں جہاں را ساکن سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہے لیکن پھر بھی را موٹی پڑھی جاتی ہے۔

فِرْقٍ	فِرْقَةٍ	قِرْطَاسٍ	اِرْصَادًا
مِرْصَادًا	اَلْمِرْصَادِ	لِمَنِ ارْتَضٰى	اِرْتَابُوْا
اِرْجِعِيْ	اِرْجِعْ	اِرْجِعُوْا	اِرْتَبْتُمْ
اِرْجِعُوْنَ	اِرْحَمْهُمَا	اِرْتَضٰى	عَذَابٌ اِرْكُضْ
اِرْكَبْ	اَلْقِطْرِ	مِصْرِ	

مشترکہ مشق

۱۔ حرکات: زبر زیر پیش ۲۔ حروف مدہ: الف مدہ واؤ مدہ ی مدہ

